بعون صناع مکین و مکان و بفضل خلاق زمین و زمان

الحمد للہ والمنۃ کہ اندنون کتاب لاجواب شائع ہونا

وہ مفید ہر صغیرہ و کبیرہ رسالہ

تریاق ظہیریہ ۱۳۱۳ھ

معروف بہ

رسالہ قوت باہ ۱۸۹۶

از تصنیف ارسطو فطرت افلاطون حکمت جناب مولانا حافظ حکیم

ظہیر احمد شاہ صاحب ظہیری ابن مولانا حکیم فتح محمد صاحب سہسوانی مدظلہ

در مطبع قیصر دہلی بحسن سعی منشی مصطفیٰ خان چھپے

دفعہ اول ایکہزار ۱۰۰۰ جملہ حقوق بجانب مؤلف محفوظ ہین قیمت ۴ر محصول ۲ پائی

تقریظ ریختہ قلم جناب حکیم رضی الدین احمد خان صاحب دہلوی ۔ نبیرہ جناب مستطاب جالینوس دوران عضد الدولہ حکیم غلام نجف خان صاحب بہادر مغفور

رسالہ تریاقِ ظہیر (مولفہ مولوی ظہیر احمد شاہ ظہیر سہسوانی کو مین نے اجمالاً دیکھا ۔ میرے نزدیک یہ ایک مفید اضافہ ہے جو ذخیرہ طب قدیم ہر ملکی زبان کی حیثیت سے کیا گیا ہے ۔ اسکی تعریف اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کے مؤلف نہایت مشہور اور صاحب تصانیف کثیرہ ہین اور اونکی طبع وقاد کا فکر صرف نحو منطق فقہ حدیث تاریخ ادب وغیرہ تمام علوم کی طبقات مین پھیلا ہوا ہے فن طب مین اونکی شمع فکرت کا یہ پہلا لمعہ ہے یقین ہے کہ اپنی آسانی اور سہولت کے فوائد کی روشنی ملک مین پھیلائے گا ✣ ✣ ✣

فہرست کتب مطبوعہ مصنفہ و مدونہ مولانا ظہیر احمد شاہ صاحب ظہیری سہسوانی مدظلہ العالی

نمبر		قیمت	نمبر		قیمت
	مندرجہ ذیل کتابین مجھ مشتہر و نیز منشی رمضان خان صاحب مالک مطبع قیصر ہند دہلی کوچہ چودھری سے مل سکتی ہین		۲	تریاق ظہیر معروف رسالہ قوت باہ قیمت مع محصول ڈاک	۴؍
			۳	مجربات ظہیر معروف علاج غربا	۶؍
			۴	رسالہ کشتہ جات	۸؍
۱	تحقیق الروح ۔	۴؍	۵	البدر یعنے ذکر وقایع بدر	عہ؍

بلعو صنائع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان
تریاق ظہیر ۱۳۱۳ھ
معروف بہ
رسالہ قوت باہ
۱۸۹۶ء
در مطبع قیصر ہند دہلی بسعی منشی رمضان خان چھپی سنہ ۱۸۹۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق الانسان من نطفۃ ثم من مضغۃ مخلقۃ وغیر مخلقۃ
لنبین لکم و نقر فی الارحام ما نشآء و الصلوۃ و السلام علی من
نطفتہ زکیۃ و نسبہ فاخر و ھو سید الانبیآء و علی الہ الفضلاء و
اصحابہ العظماء اما بعد خادم الاطباء ظہیر احمد شاہ ظہیری ابن حکیم مولٰنا
فتح محمد صاحب مدظلہ ابن سیف اللہ المسلول حضرت شیخ سیف اللہ شہید نور اللہ مرقدہ
صدیقی نسبا حنفی مشربا ساکن قدیم سہسوان جنت نشان ضلع بدایون ننگ شاگردان
حضرت تاج العلماء سلطان الاطباء مولٰنا حکیم قاضی ابو بکر علی احمد محمود اللہ شاہ محدث
مورخ رئیس بدایون بخدمت ارباب علم و فن کے گزارش کرتا ہی کہ گو گردش گردون سے
ہمارا اصلی علم طب جسکی نسبت ایک بڑے حکیم متبحر کا قول ہی کہ العلم علمان علم
الابدان و علم الادیان ہی مفقود ہو رہا ہے بلکہ اکثر بزرگون نے تو عربی
اور فارسی سے اردو قالب مین لے لیا ہی جس سے اس شریف علم کا اصلی جوہر جاتا رہا
اب فی زماننا اکثر احباب نے اوسکی بھی مٹی خراب کردی یعنی ہندی کی چندی لگا لی

اُردو رسائل سے بہت سے رسالے تالیف کرکے خود طبیب بن بیٹھے جو نبض تو کیا
ادویہ کی شناخت سے بھی قاصر ہین میرا مدت سے ارادہ تھا کہ اس شریف فن مین
بھی کوئی رسالہ تالیف کرون پھر خیال کیا کہ یہی کیا اور میری تالیف کیا آخر الامر مین نے
اپنی اور حضرت اوستاد و والد ماجد مد ظلہ کے کچھ مجرب نسخے متعلق باہ و طلا فراہم کیئے
اور یہ رسالہ تالیف کیا چونکہ آجکل ہندوستان مین علی العموم جسقدر عوارض باہ کی شکایت
ہوگی شاید کسی اَور مرض کی اسقدر شکایت ہو میرا خیال تو یہ ہے کہ کوئی فرد بشر
بچا ہو جسکو اسکی شکایت ہو لہذا مین نے اس رسالہ کو ایک مقدمہ اور دو باب پر لکھا
اور نام اس رسالہ کا **تریاق ظہیر معروف رسالہ قوت باہ** رکھا خدا تعالی قبول
خاص و عام فرماوے - جو صاحب اسمین غلطی پائین درست کرکے عیب پوشی کو کام
فرمائین اور فقیر کو دعاے خیر و حسن خاتمہ سے یاد فرمائین وما توفیقی الا باللہ -

مقدمہ منافع جماع مین اور اس مین تین مقصد ہین **مقصد اول** مقاصد جماع
مین **مقصد دوم** طریقہ جماع مین **مقصد سوم** وقت جماع مین -

باب اول اسباب نقصان باہ مین اور اس مین چار وجہ ہین - **وجہ اول**
معالجات باہ مین **وجہ دوم** تقویت باہ مین اسمین سفوف باہ و روغن باہ کے
مجرب نسخے ہین جنکی بارہا آزمایش ہو چکی ہے **وجہ سوم** علاج جریان و سرعت
انزال و رقت منی و مبہیات مین - **وجہ چہارم** معجونات باہ و لبوبات مین -

باب دوم - اسمین پانچ سبب ہین **سبب اول** حلوہ جات متعلق باہ و علاج
جریان مین - **سبب دوم** عرق باہ و شربت باہ مین **سبب سیوم**
نسخہ جات ضعف دماغ و ضعف قلب و جگر و مثانہ مین - **سبب چہارم** - اسمین روغن
و طلاء حلق و ضعف قضیب کے مجرب نسخے ہین - **سبب پنجم** اسمین عرق ماء اللحم
مبہی و مسمن بدن و نسخہ جات ملذذات و ممسکات مین - آخر مین **خاتمہ کتاب** -

معالجات قانون منافع جماع مین ہی اسمین تین مقصد ہین مقدمہ منافع جماع ہین -

اوسط[1] درجہ کی مقاربت[2] سے جو اپنے وقت پر واقع ہو فضلات نکل جاتے ہین
بدن ہلکا ہو جاتا ہے اور بڑھنے کے لیئے تیار ہو جاتا ہے جیسے کہ پچھلی غذا[3] جب
خراب ہونے لگتی ہے تو طبیعت بڑے زور سے عوض (عمدہ غذا) لینے کے لیئے
حرکت کرتی ہی تب قوی[4] بھی اپنا اثر کرتے ہین اور حرکات جماعیہ طبیعت کی
اعانت کرتے رہتے ہین اور مقاربت سے فکر غالب دفع ہوتے ہین دلیری آتی
ہے غصہ فرو ہوتا ہے اور ملائمت آجاتی ہے - نیز مقاربت مالیخولیا کو اور بہت
سے سوداوی امراض کو نفع پہونچاتی ہے اور یہ اس وجہ سے کہ طبیعت کو
فرحت بخشتی ہے اور رکی ہوئی منی کے دھوئین کو دل اور دماغ کی کونون
سے دفع کرتی ہے - اور امتلائی درد گردہ کو نفع پہونچاتی ہے اور نفع پہونچاتی
ہے بلغمی کل امراض کو خاص کرکے اوس شخص کو جسکی حرارت عزیزیہ قوی ہو -
منی کا اخراج اوسکو ضرر نہ پہونچاتا ہو اور اسی وجہ سے بھوک کو نفع پہونچاتی
ہے اور اکثر اوس مواد کو قطع کر دیتی ہے جس سے چڈھون مین ورم پیدا ہو جاتا
ہے اور خصوصاً اوس شخص کو نفع پہونچاتی ہے جسکو ترک مقاربت اور اجماع
منی کے باعث تاریکی بصر اور دوران اور گرانی سر اور جالین اور حقوین مین درد
اور ورم عارض ہو بے شبہ اوسط درجہ کی مباشرت ایسی شخص کو شفا دیتی ہے اور اکثر
اوس شخص کو جسکا مزاج مباشرت کا مقتضی ہو اور جب وہ مقاربت نہین کرتا ہے تو

---

[1] اوسط درجہ کی قید اسلیئے ہی کہ جب صحبت انسان حد سے زیادہ کرتا ہی تو نقصان کرتی ہی - منہ [2] مقاربت سے
جماع یعنی صحبت داری مراد ہے ۱۲ منہ [3] پیٹ مین جو چیز جاتی ہے کئی مرتبہ
پک پکا کر فضلات سے پاک ہوتی ہے پھر جو ہر رہ جاتا ہے وہ جزو بدن ہوتا ہی اور در اصل غذا
اسی جوہر کا نام ہی ۱۲ منہ [4] قوی سے مراد طبیعی قوتین ہین جو چار ہین قوت جاذبہ قوت ماسکہ قوت ہاضمہ قوت دافعہ
حقیقت مطلوب بدن مین پہنچانا چاہتی - جاذبہ غذا وغیرہ کو کھینچتی ہی - ماسکہ روکتی ہی - ہاضمہ ہضم کرتی ہی اور غذا کو اعضا کی صورت
بناکر جزو بدن کرتی ہے اور دافعہ فضلہ وغیرہ کو دفع کرتے ہی - منہ

تو اوسکا بدن ٹھنڈا پڑجاتا ہے اور اوس کا حال بُرا ہوجاتا ہے اور بھوک اوسکی
گرجاتی ہے یہانتک کہ اوسکی طبیعت کھانیکو قبول بھی نہین کرتی ہی اور پھینکدیتی ہے
اور بالخصوص اوس شخص کو مقاربت نفع پہونچاتی ہے جسکی بدن مین دُخانی بخارات زیادہ
ہوتی ہین اسلئے کہ مقاربت اون بخارات سے اوسکو ہلکا کردیتی ہے اور نفع پہونچاتی ہے
اور دُخانی بخارات کے مجتمع ہونے سے جن مضرتون کا خوف رہتا ہے اون کو دفع
کردیتی ہے اور کبھی مَردون مین بہی ایسا ہوتا ہی کہ ترک مقاربت اور منی کے جمع ہونے
اور خراب ہوجانے اور زہریلی کیفیت سے بدل جانیکے باعث ردی زہریلے بخارات
کو منی دل اور دماغ کی طرف بھیجتی ہے - اور کلیات نفیسی باب جماع مین ہے کہ
منی جب مقاربت کے عضوون مین بہر جاتی ہے تو وہان سے جدا ہونیکی خواہش
کرتی ہی اور اوس مواد کو جو مقاربت کے عضوون مین بھر رہا ہی حرکت دیتی ہے
اور تیزی کرتی ہی اور کھنچاؤ پیدا کرتی ہے اور یہی بچی خواہش کا منشا ہے اسوقت بغیر
مقاربت کئے اور بغیر منی کے دفع کئے چارہ نہین ہے کیونکہ منی اگر چھوڑدی جائیگی
اور اوعیہ[۱] مین بھری رہے گی تو حرارت غریزیہ کو دبا دیگی اور بجھا دیگی جس سے یہ لازم آئیگا
کہ منی سرد پڑجاے اور سب بدن کو سرد کردے اور کبھی منی زہریلی طبیعت کے ساتھ
بدل کے دل اور دماغ کی طرف ردی زہریلے بخارات بھیجتی ہے جس سے غشی اور مرگی
کی سی بیماریان واجب ہوجاتی ہین - اور نیز کلیات نفیسی کے اسی باب مین ہی کہ
متوسط درجہ کی مقاربت حرارت غریزیہ[۲] کو اُبھارتی ہے کیونکہ اون فضلات کو جو حرارت
غریزیہ پر بوجہل تھے نکالکر باہر کرتی رہتی اور روح فضلات کو تحلیل کرتی ہے اور
بدن کو غذا لینے کے لئے تیار کرلیتی ہے کیونکہ جب اعتدال کے مرتبے مین مقاربت ہوتی ہی

[۱] اوعیہ انثیین کی پاس والی پیچدار رگین ہین یعنی ملائم گوشت ہی جن مین سب عضوون سے سمٹ کر منی کا مادہ جمع ہوتا رہتا ہے ۱۲ منہ [۲] حرارت غریزیہ اصلی حرارت کو کہتے ہین جب یہ حرارت کم ہوجاتی ہے آدمی کمزور ہوجاتا ہے اور جب فنا ہوجاتی ہے تو مرجاتا ہے ۱۲ منہ

تو منی وہی نکلتی ہی جو فضلہ ہوتی ہی اور ظاہر ہے کہ اعضا مین فضلے کا پایا جانا غذا لینے سے منع کیا کرتا ہی پس جب فضلہ نکلجاتا ہے تو طبیعت بڑی زور سے عوض (عمدہ غذا) لینے کے لیئے جنبش کرتی ہے اور غذا صالح کو کہینچ لیتی ہے اور منی نکلجانے پر قوی اُبہرتے اور غذا مین خوب اچھی طرح عمل کرتے ہین ؔنیز مقاربت فرحت بخشتی ہے اسلئے کہ رُوح کے فضلات کو تحلیل کردیتی اور رُوح کو اُٹھاتی ہے اور روشن کرتی ہی اور اوسکے قوام کو معتدل کردیتی ہے۔ اور غصّے کو بجھادیتی ہے اسلئے کہ ریح کے نکالتے وقت اوس خانیت کو نکالدیتی ہی جس سے ریاح بنتی ہین اور اسلئے کہ اون فضلات کو نکال کر باہر کردیتی ہے جو بخارات دخانیہ بن کے رُوح کو گرم اور تیرہ و تار کردیتے ہین اور اسلئے کہ مقاربت سے بڑی لذت ملتی ہے اور لذت غصّہ کے ساتھ جمع ہوتی نہین بلکہ غصّے کو بجھادیتی ہی اور فکر ردی اور وسواس سوداوی کو دفع کردیتی ہے اسوجہ سے کہ مقاربت بہ سبب لذّت کے رُوح کو کُشادہ کرتی ہی اور باہر کیطرف اوسکو حرکت دیتی ہی اور فکر تو جب ہوتی ہی کہ رُوح ایک جگہ رہ جائے اور اندر ہی مجتمع ہو رہے اور چونکہ مقاربت دُخانی فاسد بخارات کو جو منی سے پیدا ہوا کرتے ہین دل اور دماغ کے کونون سے دفع کرتی ہے اسلئے وسواس سوداوی کو کہودیتی ہی اور اکثر امراض سوداویہ کو یعنی اون سوداوی بیماریون کو جو جلے ہوے دُخانی بخارات سے پیدا ہوتے ہین نفع پہونچاتی ہے اور یہ اسوجہ سے کہ خوشی پیدا کرتی ہی اور اسوجہ سے کہ دُخانی بخارات کو جو منی سے پیدا ہوتے ہین دل اور دماغ سے ہٹادیتی ہے اور بلغمی کل بیماریون کو نفع پہونچاتی ہے اسلئے کہ فضلات کو نکال دینے کیوجہ سے غریزی حرارت کو اور طبیعی قوتون کو اوٹھا کے بلغم کو نکالتی ہی اور دفع کردیتی ہے اور اکثر اوقات جماع کا ترک کرنیوالا دَوران سَر کور چشمی اور گرانی بدن کے امراض مین مبتلا ہوجایا کرتا ہی اور یہ منی کے سڑجانے اور اوسکے دماغ مین ردی بخارات کی پہونچنے کا

لہ مثل مالیخولیا او عشق اور کابوس اور وسواس کے ۱۲ انوار الحواشی - + + + + +

باعث ہی کذا فی الضاب الکامل فی احتساب الارامل۔

مقصد اوّل مقاصد جماع مین

مواہب لدنیہ مین ہی کہ مقاربت سے صحت برقرار رہتی ہی اور پوری لذت ہوتی ہی اور نفس کو سرور ہوتا ہی اور حاصل ہوتے ہین وہ مقاصد جنکے لئے مقاربت جائز ہوئی ہے اسلیئے کہ مقاربت دراصل جائز ہوئی ہے تین چیزون کے لیئے جو اوس کے اصلی مقاصد مین۔ پہلا[1] مقصد ہے جان کی حفاظت اور نوع انسانی کا ہمیشہ باقی رہنا یہانتک کہ جن لوگون کا دنیا مین پیدا کرنا اللہ تعالیٰ نے مقدر کرلیا ہی اُنکی تعداد پوری ہوجای اور دوسرا مقصد حاجت روائی کرنی اور مزہ پانا اور خدا کی دی ہوئی نعمت سی نفع اوٹھانا ہی اور یہی فائدہ ہے جو بہشت مین ہوگا کیونکہ نہ وہان اولاد کی پیدائش ہے اور نہ منی کا جمع ہونا ہی جسکو انزال نکالکر باہر کردے۔ آور فضلاء اطبا کا اعتقاد ہے کہ مقاربت ایک سبب ہی اسباب صحت مین سے لیکن بہتر منی کا اخراج اوسیوقت ہے جبکہ اولاد حاصل کرنے کے لیئے ہو یا جمع ہوا ہے منی کے نکال دینے کے لیئے اسلیئے کہ منی اگر جمع رہجائیگی تو بُری بیماریان پیدا کریگی جنمین سے وسواس ہے اور مرگی او جنون اور سوائے اسکے اور مقاربت کا استعمال اس قسم کی بیماریون سے بہت بچاتا ہے اسواسطے کہ منی کا جمع رہنا جب طول کہینچ جاتا ہے تو منی سڑ جاتی ہے اور زہریلی کیفیت پیدا کرلیتی ہے پس روی بیماریون کا ہونا واجب ہوجاتا ہی[2] اور محمد بن زکریا[3] لکھتے ہین جو بہت زمانے تک

---

[1] اس جگہ پر مصنف مواہب لدنیہ سے غلطی ہوئی اوسکو واجب تھا کہ حفاظت جان کو مقصد اول اور دوام نوع انسانی کو مقصد ثانی اور حاجت روائی وغیرہ کو تیسرا مقصد قرار دیتا اگر دوام نوع انسانی کو اول ٹھہراتا تو حفاظت جان کو دوسرا بناتا جیساکہ صاحب زاد المعاد نے کیا ہے۔ چنانچہ زاد المعاد مین ہے الثانی اخراج الماء الذی یضر احتباسہ احتقانہ بجملۃ البدن۔ ترجمہ یہ ہے دوسرا مقصد اوس پانی کا نکالنا ہے جسکا رکی رہنا اور جمع رہجانا سارے بدن کو ضرر پہونچاتا ہے ۱۲

[2] حاصل یہ ہے کہ مقاربت ہوتی رہتی ہے تو منی نہ جمع رہنے پاتی ہے نہ سڑتی ہے نہ خراب بیماریان پیدا کریگا اوسکو موقع ملتاہی ۱۲

[3] حکماء اسلام مین یہ بہت بڑے نامی گرامی حکیم گزرے ہین اور متمم طب انکا لقب ہے جیسا حضرت بو علی سینا کا مستعمل لقب ہے۔ ۱۲ منہ

نہین مقاربت کرتا ہی اوسکے اعضا کے قوی ضعیف ہوجاتے ہین اور عضوون مین خون پھرنے کی راہون مین سُدّے پڑجاتے ہین۔ نیز محمد زکریا لکہتے ہین کہ ایک جماعت کو دیکہا مین نے کہ جنہون نے ایک طرح کی بدحالی کے سبب مقاربت چھوڑ دی تہی اونکی حرارت بجہہ گئے چلنا پھرنا اُنپر دشوار ہوگیا۔ غم اور شکستہ حالی خود بخود اونپر بغیر کسی وجہ کی چھاگئی اور اونکے ہاضمہ مین فتور آگیا۔

مقصد دوم طریقۂ جماع مین.

طریقے جماع کے یہ ہین کہ اول باتین اور چھیڑ چھاڑ شروع کرے کہ اوسکو بہت دخل ہے اس سے اُنسیت پیدا ہونے مین اور لذت حاصل ہونے مین۔ حدیث مین آیا ہے۔ چاہئے کہ نہ گر پڑے ایک تمہارا اپنی بیوی پر مانند حیوانات کے ولیکن چاہیئے کہ اوّل پیامی بہیجے۔ لوگون نے عرض کیا کہ پیامی کون ہے فرمایا بوسہ لینا اور کلام کرنا اور نہ پڑے اپنی بیوی پر پہلے اُنسیت حاصل کرنیکے اور بات کرنے کے اور نہ ہون ننگے مرد و عورت کہ سُنت اسی طرح ہے۔ اور حدیث مین آیا ہے کہ جب چاہے ایک تمہارا جماع کرنا اپنی بیوی سے چاہیئے کہ ننگے نہ ہووین مانند گدھون کے اور دیکہنا بیوی کی شرمگاہ کا مکروہ ہی اور طبیعت بہی اسکو مکروہ رکہتی ہے ولیکن دیکہنا سوائے ستر مخصوص کے مکروہ نہین کہ باعث ہے شہوت کا۔ اور منقول ہے کہ بعض صحابہ سے کہ مستحب ہے دیکہنا عورت کے بدن کو کہ یہ باعث زیادتی شہوت و لذت کا ہی اور چاہیئے کہ شروع ساتہ بسم اللہ کے کرے اور خدا کو یاد رکہے کہ وہ جگہ غفلت کی ہی اور قل ہو اللہ احد پڑھے پہلی صحبت سے اور پڑہے بِسْمِ اللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً یعنی شروع کرتا ہون مین ساتہ نام اللہ بڑی عظمت والے کے یا اللہ دے تو ہمکو اولاد نیک اور قبلہ رو نہووے کہ بسبب تعظیم قبلہ کے اور مکروہ ہی جماع کرنا تین شب مین مہینے کی اول شب مین اور بیچ کی شب مین اور آخر شب مین کہتے ہین کہ اکثر ان راتون مین شیطان حاضر

ہوا کرتے ہین اور منقول ہے کرامت اسکی امیر المومنین حضرت علیؓ اور ابوہریرہؓ سے اور
مرد اور عورت بعد جماع کے اپنی ستر پاک کرنے کے لئے کپڑا علیحدہ لیوین اور بعد جماع
کرنے کے پیٹھ سے پیٹھ لگا کر نہ سوئین بلکہ سینہ سے سینہ ملا کر سوئین کہ یہ کتاب
لب ذخیرہ مین لکھا ہے اور اگر عورت مرد کے ستر کو ساتھ کپڑے کے اپنے ہاتھ سے
پاک کرے تو ثواب عظیم ہے اور سبب جماع کا صحت بدن کی ہے اور امید فرزندان خدا
دوست اور صالح کی کہ ذخیرہ قیامت کے دن ہین ہاتھ آوینگی لئے اور بعضے عالمون نے کہا کہ مستحب
ہے جماع کرنا دن جمعہ کے تا عمل ہو قول پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مَنْ غَسَّلَ
وَاغْتَسَلَ (ف) یعنی حدیث مین آیا ہے مَنْ غَسَّلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ
وَمَشٰی وَلَمْ یَرْکَبْ وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ یَلْغُ کَانَ لَهٗ بِکُلِّ
خَطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ اَجْرُ صِیَامِهَا وَقِیَامِهَا یعنی جو کوئی دُھلاوے کپڑے
یا نہلاوے بیوی کو یعنی جماع کر کے دن جمعہ کے اور آپ نہاوے اور اول وقت
جاوے نماز جمعہ کے لیئے اور پاوے اول خطبہ اور پیادہ پا جاوے اور سوار نہو
اور قریب ہو امام کے اور سُنے خطبہ اور لغو نکرے ہوگا اوسکے لیئے عوض ہر قدم
کے ثواب عمل برس دن کا کہ اس برس مین دن کو روزے رکھے اور رات کو
شب بیداری کری یہ حدیث مشکوۃ مین ہے پس لفظ غسّل کے علماء نے کئی معنی
لکھے ہین دھلاوے کپڑون کو یا سر کو خطمی وغیرہ سے یا بیوی کو نہلاوے یعنی
صحبت کرے کہ اوسپر بھی غسل لازم ہووے اسکی فضیلت اسلیئے ہی کہ خطرے
دل مین نہین آتے ہین پس جنہون نے غسل کے یہ معنی لیئے ہین بحسب اون کے
قول کے حضرت شیخ فرماتے ہین کہ جماع کرنا مستحب ہے دن جمعہ کے تا کہ
عمل ہو قول آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غسّل واغتسل واللہ اعلم بالصواب
اور یہی ایک غسل جمعہ کے لیئے بھی کافی ہے اور اگر متعدد کرے تو اولیٰ ہے

اور بعضون نے کہا ہی کہ بعد غسل کی الے پانی بہ نیت جمعہ کے اور چاہیئے کہ بعد چار دن
کے جماع کیا کرے اور حرام ہے جماع کرنا حالت حیض مین اور بعد انقطاع حیض کے
بھی پہلے غسل کے مگر یہہ کہ حیض کو دن گزر چکے ہون (ف) اگر پاک ہووے
عورت پورے دس دن مین تو حلال ہوگی صحبت کرنی اوس سے پہلے نہانے کے بمجرد
انقطاع خون کے اور اگر پاک ہو اپنی عادت پر حالانکہ عادت کم ہے دس دن سے
اور زیادہ ہے تین دن سے نہین حلال ہے صحبت کرنی اوس سے یہانتک کہ
نہاوے یا گزر جاوے اوسپر ادنی وقت نماز کامل کا یعنی دو رکعت کے کذا فی الملتقی الابحر
جائز ہی باقی نفع اوٹھانا حیض مین مانند ایک جگہ کھانے اور سونے وغیرہ تک کے
لیکن ناف کے نیچے سے زانو تک ہاتھ نہ لگاوے - اور اگر چاہے کہ دوبارہ جماع
کرے تو ستر دھولے اور اگر بعد احتلام کے جماع کیا جاوے تو اول پیشاب کرلے
اور ستر دھولے اور مکروہ ہے جماع کرنا اول شب مین اور بغیر طہارت کے نہ سووے
اور اگر غسل کی حاجت مین سوئے یا کھائے تو وضو کرلے کہ سنت ہے اور فقہا کا یہ بھی
مذہب ہے کہ دونون ہاتھ دھوکر غرغرہ کرکے کھانا کھائے اور نہانے کی حاجت مین
خون نہ نکلوائے اور ناخون اور بال نہ لیوے کہ دن قیامت کے یہ چیزین اسکے
آگے آوینگی یعنی واسطے شکایت کے

مقصد سوم وقت جماع مین

اطبا لکھتے ہین کہ بہتر وقت واسطے جماع کے یہ ہے کہ طعام معدہ سے گزر گیا ہو اور
ہضم اول وثانی ہوچکا ہو لیکن مدت ہضم ہر ایک شخص مین مختلف ہوتی ہے
تعیین اوسکا نہین ہوسکتا تخمینہ معتدل الہضم کے واسطے بعد غذا کے سات ساعت
ہین بعد گزرنے سات ساعت کے استعمال غذا سے جماع کرے کہ یہ وقت
بہتر ہے فائدہ اور بہتر شکل جماع کی وہ ہے کہ عورت بستر نرم پر چت لیٹے اور

سُرین اور سر اوسکا اونچا ہو اور مرد اوپر ہو۔
اور لائق یہ ہے کہ مرد قبل از دخول کے پستان عورت کو ہاتھ سے مَلے اور اوسکی ران
کی جڑ کو اونگلی سے کھجلائے اور سر عضو کو اندام نہانی پر مَلے یہان تک کہ خواہش
عورت کی غالب ہو اور آنکھین اوسکی مائل سُرخی ہون اور دَم بڑا لیوے اور آنکھین
اوسکی اُلٹ جاوین اور مرد کو اوپر اپنے پاؤن سے پکڑے بعد اُسکے مرد زبان عورت
کی اپنے منھ مین لیوے اور عضو کو جلد زور سے اندر ڈالے اور آہستہ آہستہ نکالے
جب منی جنبش کرے عورت کو خوب سمیٹ کر انزال کرے اور منی کو نہ روکے اور
اور عورت بعد فراغت باہمی کے اوسی طرح چت لیٹی رہے بلکہ اگر تھوڑا سو رہے تو بہتر ہے
اور یہی شکل حمل لاتی ہے اور بعد جماع کے سرد پانی اور شربت سرد پینا بہت مُضر
صحت ہے کہ خوف استرخا و رعشہ و استسقا کا ہے اور سردی ہوا سے بھی
محفوظ رہے۔ اور جماع عورت حائض و نابالغ و باکرہ و بدصورت سے و بیمار
اور اوس عورت سے کہ بہت مدت سے جماع نہ کی گئی ہو پرہیز کرے **فائدہ**
تدبیر دفع نقصان کثرت جماع یہ ہے کہ جماع نہ کرے اور تسخین و ترطیب و تفریح
اور آرام مین مشغول ہو اور لہو و لعب خوش کرنیوالی کرے اور دودہ گاے یا بھینس کا
ساتھ شکر کے پئے اور زردی انڈے نیمبرشت کی اور اغذیہ اور حلواے مقوی بھی
تناول کرے اور اگر کثرت جماع سے رعشہ پیدا ہو گیا ہو تدہین دماغ کی کرے اور
روغن بان و روغن سعد کوفی وغیرہ بدن پر ملے اگر ضعف بصارت مین ہو گیا ہو
تو روغن بنفشہ و روغن بادام و روغن کدو لگاوے اور ناک مین ٹپکاوے۔
اور شیرین پانی سے حمام کرے اور اوسمین آنکھون کو کھولے اور ہریسہ اور کلہ پاچہ
کھاوے اور جماع کو زہر قاتل سمجھے **فائدہ** اگر بعد جماع کے کئی لقمے چرب و شیرین
کھالیا کرے مضرت جماع سے محفوظ رہے اور دودہ سونٹھ جسمین جوش کیا ہوئی ہو پینا مفید ہے

باب اول اسباب نقصان الباہ
اور انہین پانچ وجہہ ہین

نقصان الباہ - یہ مرض دو قسم سے ہوتا ہی ایک قسم نقصان باہ کی بسبب ضعف خواہش
جماع کے ہی سبب اوسکا بدن کا لاغر ہونا اور ضعف کا زیادہ ٹھہرنا تقلیل غذا سے کہ رُوح
دریچ جو مادہ شہوت کا کم پیدا ہو جالینوس کہتا ہے کہ نشانی اوسکی دُبلا ہونا بدن کا
اور ضعیف ہونا قوت کا زرد ہونا رنگ کا ہے یا سبب اوسکا قلت غذا ہی علاج
اوسکا غذا کا اچھا کھانا زیادہ سونا جماع کو ترک کرنا لہو ولعب مین مشغول ہونا
ناچ ورنگ کا دیکھنا خوشبو کا زیادہ استعمال کرنا اور معجون لبوب کا کھانا زیادہ
نفع دیتا ہے اور شیخ الرئیس کے نزدیک سبب اوسکا قلیل ہونا منی کا ہی نشانی
اوسکی کم نکلنا منی کا پس اگر سبب اوسکا خشکی ولاغری اعضای منی کے ہی کہ منی
غلیظ ہوگی اور حمام مرطب وکثرت اغذیہ مرطبہ سے اور پانی مین بیٹھنے سی نفع ہوتا
ہے اگر سبب قلت منی کا سرد ہونا اعضاے منی کا ہے منی نہایت غلیظ
وجامد وسرد ہوگی اور نکلنا اوسکا بہت دشواری سے ہوگا اور بھوک حرکات
معتدل اور ادویہ مسخن وہواے گرم سے فائدہ ہوگا اگر سبب حرارت اعضاے
منی ہے نشانی اوسکی غلیظ اور زرد ہونا منی کا اور آسانی سے نکلنا اور سردی
سے فائدہ پانا ہوتا ہے اگر سبب اوسکا رطوبت اعضای منی ہی نشانی اوسکے
رقیق اور کثیر ہونا منی کا اور سست ہونا قضیب کا اور سردی سے او مجففات
سے فائدہ پاتا اور پیشاب کا سفید ہونا ہی اگر سبب اوسکا جمع ہونا برودت
ویبوست کا یا برودت ورطوبت کا یا حرارت ویبوست کا ہی نشانی اوسکی
ترکیب علامات کیفیات مفردہ سے دریافت کرین علاج درصورت خشکی ولاغری
اعضاے منی کی اغذیہ مرطبہ مانند لبنیات وغیرہ کے تناول کرے اور شربہ

مرطبہ نوش کرے اور دواء الترنجبین بہت نافع ہی اگر سبب برودت کا ہی تو زنجبیل مربا
ومعجون لبوب ومعجون گرم کھائے اور غذا مین قلیہ ساتہ دارچینی وکبابہ وخوبنجان وبچہ مرغ
وکبوتر کا استعمال کرے یا نقصانِ باہ کا سبب ضعف دل ہے کہ بسبب تعب کثیر یا مرض
طویل یا بھوک مفرط کے ہو علامت ونشانی اوسکی نرم وضعیف ہونا نبض کا اور
خواہش نہ کرنا جماع کا اور خوش نہ ہونا جماع سے اور بعد جماع کے حالت غشی کا ظاہر
ہونا ہی علاج اسکا تقویت وتعدیلِ مزاج دل کی کرین اور مفرحات یا قوتی تناول
کرین اور فکر وغم سے دُور رہین اور صحبت معشوق جمیلہ سے رکھین۔

یا سبب نقصان باہ کا ضعف معدہ یا جگر یا دماغ یا گردہ ہے نشانی اور علاج
اوسکا علامات وعلاج ضعف ان اعضاء سے دریافت کرین۔

قسم دوسری نقصان باہ کی کہ سبب استرخاء آلہ کے ہو یہہ چار نوع ہے ایک وہ ہے
ضعف ولاغری تمام بدن سے عضو مخصوص سُست و دُبلا ہو جائے نشانی وعلاج اوسکا وہی
ہے کہ قسم اول کی پہلی نوع مین بیان ہوا دوسری نوع وہ کہ سبب ترک کرنے
جماع کے مدت تک ہزال یعنی دُبلاپا قضیب مین پیدا ہو نشان اوسکے ظاہر ہین
علاج اوسکا پانی نیمگرم قضیب پر ڈالین بعد اوسکے دودہ بھیڑ کا بہت دیر تک آہستہ
آہستہ ذکر پر ملین بعدہٗ زفت رومی لگائین۔ نوع تیسری کہ وہ اسفلِ بدن مین نفخ
وریاح کم پیدا ہو یہ سبب عارض ہونے برودت وحرارت مفرط یا یبوست کی نشانی
اوسکے صحیح وسالم ہونا اعضاء کا اور نہ ہونا نفخ کا اور اغذیہ نافحہ سے فائدہ ہونا اور منی
کا بہت نکلنا۔ علاج اسکا زائل کرنا سبب کا اور تدبیر پیدائش نفخ کی کرنا۔ نوع
چوتھی وہ کہ بسبب گرنے فضلۂ بلغمی کے اعصاب سے ہی اسی کے سبب سے عارضہ
رقّت منی کا پیدا ہوتا ہی اور انسان روز بروز لاغر ہوتا ہے اور قضیب باریک ہو جاتا ہی
اور قبل از صحبت انزال ہو جاتا ہی مشرح حالات جو صاحب چاہین کتب طب ملاحظہ فرمائین

اور اس عارضہ کی اطبانے انیس قسمین لکھی ہین یعنی نقصان الباہ - نقصان کثرت جماع سرعت انزال - کثرت درد منی ومذی - منی الدم - کثرت احتلام - فریسموس - غدلطیہ - ورم الانثیین - عظم الانثیین - عاقونا - وجع الانثیین - ارتفاع الخصیہ صغرالخصیہ دوالی الصفن - صلابۃ الصفن - استرخاء الصفن - قروح قضیب وخصیہ - حکۃ القضیب والانثیین اورام القضیب - شقاق القضیب - سدۂ قضیب - کذا فی الشفا وغیرہ من الکتب الطبیہ

وجہہ اوّل معالجات باہ مین

فصل حبوب مقوی باہ وممسک مین - حب جالینوس - جو شخص کہ بسبب سستی اعصاب وحلق کے ازکار رفتہ ہووے ازالۂ بکارت پر قادر ہوجاوے ص شقاقل مصری - تخم پیاز - تخم گندنا - ثعلب مصری - تخم جرجیر - ریگ ماہی - ہر ایک ایکتولہ مغز سر کنجشک خانگی یکعدد جو بوقت ہیجان کے ذبح کیا جاوے شہد مین بقدر نخود گولی بناوین ہر روز تین ماشہ گولیان شراب انگوری کے ساتہ یا آب انگور کے ساتہ کھاوین

حب مبہی وممسک ص تودریین کزمازج بساذج ہندی سعد کوفی زعفران قرنفل سورنجان شیرین جوزبوا بسباسہ مصطگی انیسون پوست خشخاش قاقلہ خورد طباشیر گل سرخ صندل سفید سنبل الطیب عود غرقی درونج عقربی بوزیدان صمغ عربی بریان دارچینی تخم خشخاش بزرالبنج ایک ایک تولہ ثعلب مصری شقاقل مصری دو دو تولہ سفوف کرکے روغن بادام مین چرب کرکے آدہ پاؤ نبات سفید کو آدہ پاؤ عرق گلاب مین قوام بناکر مخلوط کرکے بناوین خوراک ایک ایک تولہ صبح وشام کھاوین **حب** کہ کیف واساک کرتی ہی **ص** جوزبوا خولنجان ثعلب مصری ایک ایک تولہ بسباسہ جدوار خطائی چہہ چہہ ماشہ افیون تین ماشہ بقدر نخود گولی بناوین قبل مباشرت ایک حب کھاوین **حب ممسک ومنشط ص** اسارون زعفران تخم کرفس دارچینی - سنبل الطیب چہہ چہہ ماشہ بزرالبنج زرنباد عاقرقرحا قرنفل بسباسہ صمغ عربی تین تین ماشہ

افیون چار ماشہ گلاب مین گولی بنا کر ایک حب قبل از مباشرت کہائی حب اصفہانی کہ تفریح بسیار و قوت باہ و رفع سرعت انزال کرے ص چرس در و بیخ عقرنی - ثعلب مصری نو نو ماشہ جدوار خطائی تین ماشہ آب کو کنار مین گولی بناوین ایک حب قبل از مباشرت استعمال کرین حب ہندی کہ قوت باہ معہ نشاط و امساک کرے قریب وقت مجامعت کے ایک غلولہ کہانا چاہیئے ص اسبند سوختنی بریان یکنیم تولہ پوست خشخاش کنجد سیاہ ایک ایک تولہ کوٹ کر قند سیاہ دنش تولہ مجموع سات خوراک ہے - حب ہندی کہ قوت باہ و امساک کرے ص کچلہ شیر گاؤ مین تر کر کے مقشر کیا ہوا چار تولہ فلفل گرد فلفل دراز دو دو تولہ بقدر کنار جنگلی گولیان بنا کر قبل دو ساعت مباشرت کہانا چاہیئے حب دیگر زعفران قرنفل جوزبوا افیون مساوی الوزن شہد کف گرفتہ مین گولی بقدر نخود کے بنا کے قبل جماع کے کہاوین حب دیگر کنجشک نر خانگی وقت ہیجان کے شکار کر کے ذبح کرین پر اور حشا دفع کر کے ایک خرما مین بقدر اوسکے تخم کے افیون بھر کے شکم کنجشک مین رکھکر آرد گندم سی گل حکمت کر کے پکاوین اور بعد دفع آرد کے سب کوٹ پیسکر گولی بقدر نخود کے بنا کی قبل از مباشرت کہاوین حب ممسک مجربہ مطب حکیم مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم برادر معظم مصنف ص زعفران قرنجمشک عاقرقرحا تخم ریحان بارتنگ نارجیل افیون نبات سفید ان سب کو باریک پیسکر گولی بقدر کنار خورد بنا لے خدا ک ایک حب قبل از مجامعت کہائے بالائے آب شیرین نوش کرے - دیگر حب ممسک عاقرقرحا تخم ریحان نبات سفید اسکی اٹھارہ گولیان بنالے ہر دفعہ ایک حب کہائے یعنی جتنے مرتبہ مجامعت کرے -

وجہ دوم تقویت باہ مین

نسخہ باہ مجربہ جناب حکیم فتح محمد صاحب مدظلہم برزگوار مؤلف -

نسخہ تقویت باہ۔ مشک دارچینی کباب چینی خولنجان سیندھی قرنفل جوزبویہ مساوی الوزن
افیون چھ ماشہ سب کو کوٹ پیسکر شہد خالص مین بقدر کھرلی کے گولی بنائے وقت حاجت
ایک گولی پانی مین کھائے اور ایک گولی لعاب دہن مین حل کرکے قضیب پر طلا کرے
بعد ایک ساعت کے جماع کرے لذت بسیار حاصل ہو۔ نسخہ تقویت باہ
و دافع جریان۔ موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سیمبھل چڑیا قند بیجبند تالمکھانہ بریان
سمندر سوکھہ موچرس طباشیر کبود۔ گل دھاوا دانہ الائچی سرخ بہمن سفید بہمن سرخ
ثعلب مصری شقاقل مصری گل پستہ گل فوفل ریش برگد بیج قلمی کشتہ رانگ کشتہ مرجان
ہمہ ادویہ مساوی الوزن لیکر کوٹ پیسکر یکشبانہ در شیر برگد مین تر کرے بعدہٗ
خشک کرکے شکر مساوی الوزن ملا کر ۹ ماشہ تا ۱۵ ماشہ باشیر مادہ گاؤ
یکپاؤ مدت ۱۲ یوم کھائے نسخہ مقوی باہ بلادر جسکو بھلاوہ کہتے مین بوزن
یکپاؤ لیکر کلاہ دور کرکے جو او سپر ہوتی ہے کنجد یکپاؤ قند سیاہ نیم آثار مین حبوب
بقدر کنار صحرائی بنا دوے وقت شب ایک حب کھائے اگر موسم ہووے روغن گاؤ
یکپاؤ داخل کرکی استعمال کری باہ گئی ہوئی کو یہ نسخہ پھیر لاتا ہے بار ہا آزمایا گیا ہے۔
نسخہ باہ و دافع جریان تخم سرس موچرس کمرکس تخم بند ثعلب مصری
سمندر سوکھہ تالمکھانہ بریان مغز تخم کونچ تمر ہندی موصلی سفید گوند پلاس صمغ عربی
بریان ست سلاجیت طباشیر کبود کشتہ رانگ مساوی الوزن ہفت روز
در شیر بز و ہفت روز در شیر برگد تر کرکے خشک کرے نبات سفید مساوی
الوزن ملا کر ایک تولہ وقت صبح باشیر گاؤ یکپاؤ کھاوے نسخہ سفوف باہ و دافع جریان
ثعلب مصری شقاقل مصری تودری ہر چہار خولنجان زنجبیل دارچینی موصلی سفید و سیاہ تخم
تمر ہندی مقشر تالمکھانہ ہر ایک ایکتولہ مایہ شتر اعرابی زعفران چھ چھ ماشہ آرد خرما دو تولہ سب کو
کوٹ پیسکر مصری برابر کی ملا کر دو تولہ وقت صبح کھائے اور بالائش شیر گاؤ نیم آثار

جس مین کشمش خرما دس دس عدد اور زنجبیل ۲ عدد جوش ہوا وسکو نوش کرے
مدت ایک ہفتہ استعمال کرے مجرب ہے **لنسخہ سفوف باہ برای قوت باہ**
دارچینی تخم ترب فلفل گرد زنجبیل ایک ایک درم کوٹ پیسکر بیضۂ مرغ ایک عدد
مین ملاکر چالیس ۴۰ روز تک استعمال کرین بہت مجرب ہے **لنسخہ سفوف باہ دیگر**
تخم بنولہ ستاور بیج تالمکھانہ ایک ایک ماشہ تخم اوٹنگن اندر جو تلخ پچیس پچیس عدد
تخم سروالہ پچیس عدد موصلی دکھنی گوند کتیرہ دو دو تولہ سب کو کوٹ پیسکر شکر برابر
ایک کفدست ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ کے روز کھاوے پرہیز ترشی و بادی کا کرے
لنسخہ حلوا مقوی باہ وہاضم طعام ونافع دیگر قوی بدن انسان **ص** گل سرخ
دارچینی عود غرقی عود ہندی ایک ایک تولہ فلفل گرد فلفل سفید دار فلفل چھ چھ
ماشہ جاوتری جوزبویہ بوزیدان سنبل الطیب اظفار الطیب تین تین ماشہ حب الزلم
حبۃ الخضرا زنجبیل ثعلب مصری خولنجان تخم شلغم تخم گزر مغز فندق مغز بادام شیرین
مغز پستہ آرو خرما مغز چلغوزہ ایک ایک تولہ بہمن سرخ بہمن سفید ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ
تودری ہر چہار موصلی سیاہ موصلی سفید پوست بیخ ترنج ایک ایک تولہ سب کو کوٹ پیسکر
سہ چند شہد خالص کا قوام کرکے حلوا تیار کرے ہر روز صبحکو ایکتولہ کھاے بہت مفید ہوگا

وجہ سوم علاج جریان و سرعت انزال و رقت منی و قوت باہ مین

فصل سرعت انزال اور امساک و قوت باہ مین ۔ **لنسخہ** موچرس آرد سنگھاڑہ تج قلمی
نبات مساوی باریک کرکے ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ کے کھاوین **لنسخہ امساک** جایفل
جوتری قرنفل زعفران افیون مساوی باریک پیسکر ہمراہ آب پوست کوکنار کے گولی
برابر نخود کے بناوین ایک گولی وقت شب کے قبل طعام کھاوین **علاج باہ**
ثعلب مصری رومی مصطگی دارچینی ہر ایک چار ماشہ نبات دو تولہ باریک پیسکر ہمراہ شیر گاؤ
کے حلکر کے پیوین ۔ **لنسخہ دیگر** موچرس چھ ماشہ ہمراہ آب کوکنار کھاوین فائدہ یکبارگی ہی

نسخہ مجرّبہ بادہ مجرّب مولوی حکیم نذیر احمد صاحب مرحوم برادر معظم مؤلف رسالہ
مغز تخم قرطم مغز پنبہ دانہ ثعلب مصری شقاقل مصری مغز تخم کدوی شیرین سبوس اسبغول
کنجد سیاہ باریک کر کے کشمش مغز فندق مغز اخروٹ مغز پستہ ہر ایک دو تولہ مویز
منقی ایک تولہ مغز چلغوزہ ایکتولہ سبکو پانی مین پیسکر شکر ملا کے حریرہ تیار کرین مدّت
ایک ہفتہ استعمال کرین نہایت مجرّب ہے **مجرّبہ حضرت اوستادی**
ثعلب شقاقل بہمنین تودرین قرقہ زنجبیل دارچینی سلیخہ مصطگی سنگہاڑہ خشک
موصلین موصلی سنبھل ستاور خولنجان ہر ایک ایکتولہ شکر خام ہموزن - خوراک ایکتولہ
ہمراہ شیر گاؤ **مجرّبہ حضرت اوستاد** ستاور شکر خام برابر خوراک ۶ ماشہ
شیر گاؤ سے **مجرّبہ حضرت اوستاد** حلتیت شہد خالص خوراک ایک ماشہ
تا دو ماشہ شیر گاؤ سے **ایضاً** کھانہ کی اول دودہ مین کھیر پکا کر کھائین شیرینی بہت
کم ہونا چاہیئے **ایضاً** خولنجان مصری مساوی ۶ ماشہ شیر گاؤ سے کھائین -
ایضاً پارچہ گوشت بز نر آدہ پاؤ کچومر کر کے مصالح چہڑک کر گھی لگا کر پسندہ کباب
بنا کر کھائین **ایضاً** حب ممسک انتشار و نہایت لاجواب بروایت حاجی عبد الکریم
اسپند دو جزو قرنفل یک جزو باریک پیسکر چنے کے برابر گولیان بنائین قبل جماع
ایک کھائین **ایضاً** کہ بیعدیل ہے نامرد کو مرد کرتا ہے **ص** اذاراقی یعنی کچلہ
تین تولہ مغز بادام شیرین مقشر ۲ تولہ سم الفار تین ماشہ پوٹلی باندہ کر ڈہائی سیر دودہ
مین جوش دین پھر پوٹلی سے ادویہ نکالکر اذاراقی و بادام کو چھیل کر اول اذاراقی
کھرل کرین بعدہٗ مغز بادام پہر سم الفار بعدہٗ سب کو ملا کر کھرل کر کے ایک ایک ماشہ کی
گولیان بناوین نصف گولی ایک رطل دودہ سے کھائین **ایضاً** بکری کی ہڈیان
معہ گوشت خصوصاً سینہ کی جوش دیکر اوسکی یخنی گرم مصالحہ چہڑک کر گرم روغن
پیئین دودہ مین گوشت پکا کر کھائین - **نسخہ سرعت انزال و دفع جریان**

ص موصلی ہر سہ ستاور گنند نا تالمکہانہ گوند پلاس بریان صمغ عربی مازو سبز نشاستہ
گندم مغز تخم تمر ہندی گل دہاوہ گل لپتہ موچرس گل سپاری بہمن سرخ بہمن سفید تج قلمی
سمندر سوکھہ طباشیر کبود دانہ الائچی سرخ مجیٹھہ تخم سروالی خار خسک سنگہاڑہ خشک سورنجان
شیرین پوست مولسری پوست کنار صحرائی سبکو مساوی الوزن کوٹ پیسکر شکر برابر
ملاکر دو تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ یا ؤ آثار کے مدت ۲۱ یوم تک کھائے بہت نافع ہی۔
نسخہ مقوی باہ مجربہ والد صاحب قبلہ سنکھیا دو ماشہ شیر مادہ گاؤ دو دو تولہ
مین کھرل کرے بعدہٗ روغن چنبیلی تین ماشہ مین کہرل کرکے سایۂ آفتاب مین رکھدے بعد
ایک پاس کے ایک قطرہ پانی مین کھائے یا تباشہ مین بجید فائدہ مند ہی بارہا آزمایا ہی
نسخہ مقوی باہ ونافع جریان برگ پان بنگلہ تین تولہ اسگند ناگوری پانچ تولہ
سیماب چھہ ماشہ شہد خالص نیم آثار کنجشک چالیس عدد اول سیماب معہ پان بنگلہ کے
کہرل کرے بعدازان اسگند ناگوری شامل کرکے کہرل کرے بعد اسکے شکم کنجشک ادویہ
سے پُر کرکے روغن مادہ گاؤ یکپاؤ مین بریان کرکے شہد مین ڈالدے ہر روز ایک
کنجشک وقت صبح نوش کیا کرے زیادہ مفید ہے۔ نسخہ جریان ونافع خون
عورت تخم چولائی رال سفید مصری ایک ایک چھٹانک خوراک چھہ ماشہ شیر گاؤ
مدت ایک ہفتہ اگر قبض کرے شکر اور بادیان بقدر ضرورت زیادہ کرلے۔
نسخہ جریان آرد برنج ساٹھی مغز پنبہ دانہ گوگہرو صمغ عربی موصلی سیاہ موصلی سفید
مغز تخم تمر ہندی گل دہاوہ سمندر سوکھہ موچرس دارچینی زنجبیل دانہ الائچی سرخ
خولنجان بہمن سرخ بہمن سفید مساوی الوزن خواہ برابر کی شکر ملاکر ایک تولہ
وقت صبح نوش کرے یا شکر ایک آثار روغن زرد یکپاؤ کا قوام کرکے حلوا
تیار کرے خوراک تین تولہ سے پانچ تولہ تک ہے مجرّب ہے۔ نسخہ رقت منی
وجریان۔ کشتہ سرب دو ماشہ طباشیر کبود گل ارمنی نشاستہ گندم نو نو ماشہ

موچرس دو تولہ ست گلوی ایک تولہ ان سب کے برابر شکر ملا کر ایک تولہ وقت صباح
کھائے اوپر اوسکے شیر تازہ نیم آثار نوش کرے۔ **نسخہ جریان** تخم سروالہ تخم کنگہی
ایک ایک چہٹانک آرد برنج ساٹھی یکپاؤ روغن زرد یکپاؤ شکر نیم آثار اول دویہ کو
روغن مین بریان کرے بعدہ غلولہ بقدر چار چار تولہ کے بنالے ایک غلولہ وقت
صبح کھائے بہت مفید ہی **نسخہ مقوی باہ** و دافع لقوہ و فالج و ضیق النفس
لوبان کوڑیا خس خوشبو آدہ آدہ پاؤ سنکہیا سفید جائفل جوتری قرنفل ایک
ایک تولہ سب کا روغن تیال جنتر مین کہینچے ایک سینک پان پر لگا کر کہالے تین
سینک تک بفضلہ تعالیٰ امراض مذکورہ دفع ہون گے۔ **نسخہ باہ** لوبان سبز
کیس سرخ ایک ایک تولہ۔ عرق لہسن دو تولہ مین کہرل کر کے حب بقدر کنار صحرائی
بنا کر روغن کہینچے ایک سینک اوس روغن کی پان پر حفظ کر کے کھائے باہ بہت زیادہ
ہوگی ۷ روز تک **مقوی باہ** و دافع فالج و لقوہ از حضرت اوستاد مدظلہ
گل سطوخودوس بے چوب گل گاوزبان عنبر اشہب مشک خالص ورق نقرہ کلان
مصری ۳ تولہ چند۔ خوراک از ۳ تا ۶ ماشہ ہمراہ شیر بادہ گاؤ۔ **دیگر** زنجبیل ۱ عدد
بہدارا اسگند ناگوری دو دو تولہ مصری ۶ تولہ سفوف بنا کر ۶ ماشہ شیر گاؤ سے
روز کھائین۔

وجہ چہارم نسخہ معجونات ولبوبات مین

نسخہ معجون لبوب کہ گردے کو گرم اور قوی اور قوت باہ و منی کو زیادہ کرے اور دل
اور دماغ کو قوت اور بدن کو فربہی دیوے اور فرحت اور نشاط لاوے اورام مجامعت
واصلاح منی و قوت اعضاے تناسل مین عدیم المثال ہے ص مغز پستہ مغز بادام
مغز فندق نارجیل مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز تخم کرٹ مغز بنبہ دانہ تخم خشخاش سفید گنجد
سفید ہر ایک تین تین تولہ تخم گزر تخم شلغم تخم ترب تخم پیاز تخم گندنا لسان العصافیر

ہلیون تخم ہالون ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ پانی مین ایسا بہیین کہ ہلہ چہونہ نکرنا پڑے اوراوسکو
قوام شکر سفید تین پاؤ اور شہد پاؤ بھر مین مخلوط کرکے پکاوین کہ پانی جلجاوے اوسمین
سفوف خولنجان و شقاقل و بہمنین و تودربین و ثعلب مصری ایک ایک تولہ داخل کرین
ایک تولہ تا ڈیڑہ تولہ وقت شب کھائین **معجون لبوب دیگر** کہ منی زیادہ کرے
وگردہ ومثانہ وباہ کو قوت بہت دیوے **ص** شکر سفید وشہد خالص آدہ آدہ سیر
باہم ملاکر قوام کرین اورسفوف دارچینی خولنجان زنجبیل تخم ہالون بہمنین تودریین ڈیڑہ
ڈیڑہ تولہ پودینہ خشک ایک تولہ مرچ سیاہ عاقرقرحا جائفل جاوتری لونگ چہہ چہہ ماشہ
ملاوین بعد مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز نارجیل مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ
تین تین تولہ چرونجی چہہ تولہ نرم کوٹ کے مخلوط کرین - خوراک ایکتولہ تا ۲ تولہ وقت صبح
لبوب بارد نقصان باہ کو اگر حرارت سے ہووے مفید ہی **ص** نبات سفید ڈیڑہ
پاؤ ترنجبین خراسانی آدہ پاؤ شہد خالص پاؤ بہر شیرہ تخم خشخاش وکنجد سفید مغز تخم کدوے
شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم تربوز تین تین تولہ ملاکر قوام کرین وسفوف
ثعلب مصری شقاقل مصری دو دو تولہ کا داخل کرین خوراک ایکتولہ تا ۲ تولہ -
معجون لوز کہ تقویت باہ کرے اور صاحب نزلہ کو مفید ہے **ص** مغز بادام مقشر
آدہ پاؤ مغز پستہ تخم خشخاش سفید ایک ایک چہٹانک شیر کرکے نبات سفید ڈیڑہ پاؤ میدہ
گندم ایک پاؤ روغن گاؤ تین چہٹانک مین بریان کیا ہوا باہم مثل حلوے کی سخت
پکاوین اور زعفران تین ماشہ دانہ الائچی سفید چہہ ماشہ سفوف کرکے داخل کرین
بحالت گرمی کے جماکر ٹکڑا ٹکڑا تراش رکہین اور صبحکو ایک ٹکڑا بقدر ایکتولہ کے
نوش جان کرین

باب دوم اسمین پانچ سبب مین

سبب اول حلویات متعلقہ باہ وجریان مین

نسخہ حلوا امبہی و ممسک و مقوی باہ مجرّبہ حکیم فتح محمد صاحب پدر بزرگوار مصنف۔ ص حب الزلم حب الخضرا حب القلقل حب السمنہ تودری زرد تودری سفید و سرخ بہمن سفید بہمن سرخ تخم شلغم تخم گزر شونیز ثعلب مصری شقاقل مصری بوزیدان دارچینی جوز بوا بسباسہ ہر یکیا یک تولہ مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز پستہ آرد خرما۔ مغز چلغوزہ موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سینبھل ہر ایک دو دو تولہ پایہ شتر اعرابی عنبر اشہب چھ چھ ماشہ مغز فندق دو تولہ شکر سفید دو آثار زردی بیضۂ مرغ۔ پچاس عدد روغن گاؤ یکنیم آثار دانہ الائچی سرخ ۳ تولہ بترکیب معلومہ حلوا تیار کرے خوراک وقت صبح دو تولہ ۴۰ روز تک بعدہ جسقدر مناسب سمجھے زیادہ کرے۔

نسخہ دیگر حلوا امبہی و ممسک و نافع باہ ص مغز تخم کدوی شیرین مغز بادام مغز خربوزہ مغز تخم خیارین مغز تخم تربوز بہمن سفید بہمن سرخ دانہ الائچی کلان ہر ایک نو نو ماشہ شقاقل مصری طباشیر کبود صدف صادق ثعلب مصری تالمکھانہ موصلی سیاہ و سفید دارچینی ایک ایک تولہ آرد سنگھاڑہ خشک آرد نخود دو دو تولہ زردی بیضۂ مرغ ۱۱ عدد روغن گاؤ یکپاؤ شکر ڈیڑہ پاؤ کا قوام کرکے بترکیب مشہور حلوا تیار کرین۔ ایکتولہ وقت صبح نوش کرے ۴۰ روز کے بعد ایک تولہ سے دو تولہ کردین:

نسخہ حلوا مقوی باہ و دافع سرعت انزال۔ اسپند سوختنی مغز کرٹ مغز تخم خربزہ تخم شلغم اسگند ناگوری تخم ہلیون تخم ترب دو دو تولہ تودری ہر چہار ایک ایکتولہ شقاقل ثعلب ۴۰ ۴۰ تولہ مغز گہیکوار یکپاؤ اوّل گہیکوار در روغن گاؤ بریان کرکے بعدہ آرد سنگھاڑہ آرد نخود آدہ آدہ پاؤ روغن مین بریان کرین اور نیم آثار شکر سفید کا قوام کرکے مغز چلغوزہ نارجیل مغز اخروٹ مغز بادام مغز پستہ ۴۰ ۴۰ تولہ داخل کرکے حلوا تیار کرین۔ خوراک ۴۰ تولہ وقت صبح بہت نافع ہے حلولے ادرک جہت تقویت باہ ادرک ایک آثار دارچینی دانہ الائچی ایک ایک تولہ

مغز پستہ کشمش مغز بادام نارجیل آدہ آدہ پاؤ اوّل ادرک کو خوب باریک پیسی بعدہٗ روغن زرد مین بریان کرے ادویۂ مذکورہ کوٹ پیسکر تیار رکھے شکر دو آثار کا قوام کرکے ادرک ڈالے بعدہٗ جملہ ادویہ اور روغن زرد ایک آثار داخل کرکے حلوا تیار کرے خوراک ۲ تولہ وقت صبح موسم سرما مین کھائے **حلواے سانڈہ** جہت قوّت باہ اسکا استعمال سرما مین کرے ص سانڈہ سات عدد کو روغن گاؤ مین بریان کرکے روغن کو صاف کرکے گرم مصالحہ سے صاف کرے یعنی گرم مصالحہ روغن مین ڈالکر پکائے روغن گاؤ بقدر ڈیڑہ پاؤ کے ہووے بعدہٗ بائیس عدد بیضۂ مرغ معہ زردی و سفیدی شکر سفید ڈیڑہ پاؤ مین ڈال کر حرکت دے تاکہ ملجائے بعد آن روغن مین ڈالکر پکائے اور برادۂ قضیب نر گاؤ تخم ترب زنجبیل طباشیر کبود ایک ایک تولہ زعفران چھہ ماشہ آرد گندم بریان بقدر مناسب ڈالکر حلوا تیار کرے خوراک دو تولہ وقت صبح ورد رکھے بہت مجرّب ہے **حلواے مقوّی باہ** نافع حار مزاج ص چڑیا قند ڈ پوست بیخ اونٹ کٹارہ بچہکنی بیخ اوندہ ہیلی دارچینی گل ڈہاوہ صدف صادق دو دو تولہ گل پستہ موچرس نیلوفر گوند پلاس مازو سبز بہمن سرخ بہمن سفید مغز تخم کدوی شیرین مغز بادام شیرین مغز تخم خیارین موصلی سیاہ موصلی سفید موصلی سینبہل تودری سرخ تودری کبود تودری زرد تودری سفید ثعلب مصری شقاقل مصری ایک ایک تولہ چاول ساٹھی آدہ پاؤ ریش برگد چار تولہ شہد خالص ۳۰ تولہ شکر سفید مساوی الوزن ادویہ لیکر تین آثار شیر مادہ گاؤ مین ادویہ کوفتہ بیختہ کو جوش دین یہانتک کہ شیر مثل کہویہ کے ہوجائے اوسکے پیڑے تیار کرے ایک چھٹانک وقت صبح کھائے بہت مفید ہوگا۔ مجرّبہ حضرت والد ماجد صاحب قبلہ۔ **حلوای دیگر مقویٔ باہ** پوست درخت ڈہاک ڈیڑہ سیر کو لیکر ریزہ ریزہ کرکے پانچ سیر پانی مین جوش دے جب نصف باقی رہے اوسوقت گندم نیم آثار ڈال کر پکائے جب پکجائے نکال کر

خشک کرکے روغن زرد مین بریان کرے بعدہٗ آرد گندم بریان اور جائفل جاوتری
قرنفل ڈیڑہ ڈیڑہ تولہ زعفران ۶ ماشہ مشک خالص ایکماشہ میوہ جات بقدر آدہ پاؤ
روغن زرد نیم آثار شکر نیم آثار لیکر ترکیب معلومہ حلوا تیار کرے خوراک دو تولہ یا پنجتولہ
نہایت مجرب ہے **نسخہ حلوای مقوی باہ** دارچینی زعفران دو دو تولہ بادام
قضیب نرگاؤ چار تولہ بیضہ مرغ بائیس عدد معہ زردی وسفیدی روغن زرد ڈیڑہ پاؤ
شکر سفید تین پاؤ بترکیب معلومہ حلوا تیار کرے خوراک دو تولہ تا سہ تولہ وقت صبح مفید ہے
نسخہ حلوائے مقوی باہ ونافع جریان - تخم بالنگو تالمکہانہ صدف مروارید خرما قند
دانہ الائچی سرخ ایک ایک تولہ شیر گاؤ ایک آثار مین کل ادویہ کو جوش دے یہانتک کہ
مثل کہویہ کے ہوجائے شکر سفید آدہ پاؤ ڈالکر پہر پلٹے تیار کرے بقدر دو تولہ
صبحکو کہائے زیادہ مفید ہے **نسخہ حلوائے مبہی وممسک ونافع جریان و**
سرعت انزال پوست پلاس پوست مولسری پوست ببول پوست ابنہ پوست
بیخ کنار صحرائی پوست درخت گولر پوست پیپل سب کو آدہ آدہ پاؤ لیکر پانچ سیر
پانی مین جوش دیکر ملکر صاف کرے اور برنج ساٹھی یا گندم ایک آثار اوس پانی مین
ڈال کر پکائے جب پکجائین صاف کرکے خشک کرے بعدہ میدہ گندم نیم آثار
نشاستہ گندم نیم آثار رازوسبز گوند پلاس بریان بروغن اسگند ناگوری بیجبند گجراتی
تالمکہانہ طباشیر کبود تخم گندنا موچرس سپاری سفید ستاور موصلی سفید تخم کوینچ
مغز تخم کدوی شیرین مغز تخم تربوز مغز تخم خربزہ الائچی خورد ایک ایک تولہ مغز تخم
تمر ہندی مقشر سہ تولہ گلدہاوہ دو تولہ مغز بادام شیرین مقشر تین تولہ نارجیل تازہ
چار تولہ خرمہ خشک پانچ تولہ مغز پستہ سات تولہ گل پستہ دو تولہ مغز پنبہ دانہ تین تولہ
ان سب ادویہ کو کوٹ پیسکر شکر دو سیر روغن زرد ایک سیر مین ترکیب معلومہ
حلوا تیار کرے خوراک ایک چہٹانک وقت صبح مدت چالیس روز استعمال کری

سبب دویم عرق باہ و شربت باہ مین

نسخہ عرق نافع باہ ص پوست بیخ اونٹ کٹارہ پوست کٹائی خورد ایک ایک تولہ
پوست مولسری تین تولہ خرما خشک سات عدد زنجبیل تین تولہ شیر مادہ گاؤ نیم آثار
آب تازہ نیم آثار مین خوب جوش دین بعدہ صاف کرکے ایک چھٹانک عرق دو تولہ
شہد مین ملاکر نوش کرین بہت مفید ہی **نسخہ مقوی باہ مجربہ مؤلف** سیماب ایکتولہ
عاقرقرحا جاوتری جائفل گندہک آملہ سار چھہ چھہ ماشہ اول سیماب کو معہ گندہک آملہ سار
کے کہرل کرے بعدہ سب ادویہ کو پانی مین کہرل کرکے گولی خورد بنائے تین روز
تک مرغ باتتر کو کہلاوے بعدہ ذبح کرکے ہفت روز تک اسیطرح کہائے انشاءاللہ
باہ بدستور قائم ہوجائیگی اور کبہی کچھہ عارضہ نہ ہوگا پرہیز مباشرت استعمال مین رہے۔
نسخہ دیگر نافع باہ عرق انبہ و نافع جمیع امراض باہ جو بارہا حضرت والد ماجد مدظلہ نے
تجربہ فرمایا ہے۔ رس انبہ شیرین پنج آثار شیر مادہ گاؤ دس آثار آرد مغز خرما مغز فندق
مغز بادام مغز پستہ یک پاؤ خولنجان ہفت ماشہ ثعلب مصری پنج تولہ تودری ہر چہار
چار تولہ بہمن سرخ بہمن سفید دو دو تولہ زعفران چار تولہ عنبر اشہب مشک چھہ چھہ ماشہ
گلاب خالص ایک آثار شکر سفید ایکنیم آثار بترکیب عرق کہینچے اور پانچتولہ سے ۹ تولہ
تک نوش کرے بیحد مفید ہی **نسخہ نافع** سرعت انزال و سوزاک کہنہ و ممسک و مبہی
و مقوی اعصاب ص کشتہ رانگ ایک سرخ سنگ جراحت خار خسک خورد تخم سروالی ایک
ایک ماشہ شکر سفید دو ماشہ کوٹ پیسکر خوراک ڈیڑہ ماشہ کھائے بالائش شیر گاؤ بچاؤ
نوش کرے **حلوائے مسمن و مقوی و مبہی** خرما تخم برآوردہ آدہ سیر دوچند شیر
مادہ گاؤ مین پکاکر پیسین و آرد نخود نشاستہ گندم پاؤ پاؤ سیر خشک بریان کرکے مخلوط
کرین آدہ سیر روغن گاؤ مین سبکو بریان کرکے تین پاؤ شکر سفید کا قوام ملاکے حلوا بنائین
مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز اخروٹ ایک ایک چھٹانک نیمکوفتہ کرکے ملادین۔

خوراک وقت نہار دو تولہ تا چار تولہ کھائیں **حلوائے مبہی** دال نخود کو شیر میں شش
میں تین بار بھگو کے روغن گاؤ میں بریان کر کے میدہ کریں اور باضافہ شیرینی
و روغن زرد میوہ جات بوزن مناسب کے حلوا بنائیں خوراک دو تولہ وقت نہار
حلوائے گزر نہایت مقوی باہ و مفرح طبع و مقوی اعضاء قوی ہی ص گزر از پوست
و استخوان پاک کردہ یک آثار در ۳ آثار شیر گاؤ میں پکا کر شکر سفید ایک سیر میں
قوام کریں مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز اخروٹ مغز بادام شیرین مغز فندق چرونجی ہر ایک
پانچ پانچ تولہ باریک پیسکر روغن گاؤ نیم آثار ملا کر حلوا پکائیں بقدر مناسب کھائیں
دیگر گزر مصفی ہموزن شیر گاؤ میں پکا کر پیسیں آدہ سیر روغن گاؤ میں خوب بریان
کریں کہ رطوبت جاتی رہے اوسوقت چرونجی آدہ پاؤ مغز بادام شیرین نارجیل سیاہی
دور کر کے ایک چھٹانک باریک کچل کر ملاویں شکر سفید ایک سیر داخل کر کے حلوا
بنائیں بقدر مناسب تناول کریں **حلوا دیگر** نہایت مقوی باہ ہی ص
گزر مصفی دو سیر شلغم مصفی ایک سیر خرما و مویز تخم بر آوردہ کشمش پاؤ آثار شیر گاؤ
میں پکا کر خوب پیسیں اور تین پاؤ روغن زرد میں بریان کر کے قوام قند سفید
ایک سیر شامل کریں **حلوائے مرغ** مقوی باہ کہ بدن کو فربہ و خوشرنگ کرے
ص گوشت مرغ فربہ و جوان تین سیر الائچی سرخ و دارچینی و کشنیز خشک ایک ایک تولہ
پیاز آدہ پاؤ داخل کر کے دیگ سر بستہ میں خوب پکائیں سرد کر کے ملکر چھان لیں
کہ عرق گاڑہا نکل آوے اور سیر بھر شکر کا قوام کریں مغز بادام شیرین چرونجی نیم نیم پاؤ
مغز پستہ مغز چلغوزہ چار چار تولہ باریک پیسکر ملاویں بقدر مناسب کھائیں —
حلوائے تخم مرغ منعظ و مبہی کہ تفریح طبع و تقویت باہ کرے ص بلبنیٔ عدد
انڈے کی سفیدی کو زردی کو بانس کی پتلی تیلیوں سے خوب مخلوط کریں ازان بعد ڈیڑہ پاؤ
روغن زرد ملا کر نہایت نرم آنچ پر رکھیں اور حرکت دیتے رہیں کہ یکجا منعقد ہو و باد ے

جب پختہ ہوجائے اڑہائی پاؤ شکر سفید کا قوام کرکے سفوف ان اجزا کا ملائین دارچینی
جاوتری زعفران تین تین ماشہ دانہ الائچی سفید دو ماشہ شقاقل مصری ثعلب مصری ایکیک تولہ
داخل کرکے حلوا تیار کرین اور کھائین **حلواے چوب چینی** کہ جسکو بعد عارضہ آتشک کے
ضعف باہ ہوگیا ہو یا کہ آثار مواد سوداوی کے باقی ہون ازلبس مفید ہی **ص** آرد گندم آدہ سیر
روغن گاؤ روغن کنجد سفید پاؤ پاؤ سیر مین بریان کرکے چوب چینی بارہ ۱۲ تولہ اندر جو شیرین
ثعلب مصری شقاقل مصری دارچینی خولنجان سعد کوفی بہمن سفید ایک ایک تولہ سفوف
کرکے مخلوط کرین اور تین پاؤ شکر سفید کا قوام کرکے مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز بادام چار
چار تولہ چرونجی چھہ چھہ تولہ خوب کچل کر ملاوین **حلواے مغلظ منی** و مقوی باہ و مولد
منی **ص** شیر گاو چار سیر شکر سفید ایک سیر ملا کر مثل کھویہ کے پکاوین بعدہُ کلونجی و
ستاور و شقاقل و اسگند ایک ایک تولہ خرما چھہ تولہ تالمکھانہ دو تولہ مغز بادام مغز چلغوزہ
مغز پستہ چرونجی تین تین تولہ باریک پیسکر ملاوین۔ خوراک ڈیڑہ تولہ وقت صبح۔

سبب سیوم نسخجات ضعفِ دماغ و جگر و مثانہ مین کہ انکے باعث سے بھی ضعفِ باہ ہوتا ہے

حلواے آملہ نافع دماغ۔ اوّل آملہ ایک سیر کو شیر گوسفند ڈیڑہ سیر مین پکائے بعدہُ
صاف کرکے سل پر پیسے بعد اسکے کشنیز بریان نارجیل نخود بریان نشاستہ گندم بقدر آدہ
آدہ پاؤ لیکر شکر مساوی ادویہ کا قوام کرکے نصف حصہ روغن زرد داخل کرکے حلوا
تیار کرے خوراک دو تولہ سے پانچ تولہ تک وقتِ صبح یہہ نسخہ آزمودہ ہے۔
نسخہ شربت آملہ نافع دل و دماغ۔ آملہ تازہ بقدر دو سیر کے لیکر چھہ مرتبہ پانی مین
جوش دے بعد اسکے ایکپاؤ شیر گوسفند تین سیر مین جوش دیکر صاف کرکے سہ چند شکر
سفید ملا کر بترکیب شربت تیار کرے دو تولہ شربت وقت صبح نوش کرے۔
بعد ۳۰ روز کے چار تولہ خوراک کرے **نسخہ خمیرہ نیلوفری** جہت تقویتِ دماغ

ونافع ضعفِ بصر ص گل نیلوفر چار تولہ کو پانی مین جوش دیکر صاف کرے اور مغز کاہو
مغز تخم کدوے شیرین دو دو تولہ صدفِ صادق طباشیر کبود چھہ چھہ ماشہ شکر سفید تیجاؤ
کا قوام کرکے سبکو قوام کرے خوراک چھہ ماشہ تا ایکتولہ نسخہ مقوی دماغ نارجیل تازہ
گندم بریان کشنیز بریان بیخ نیلوفر مساوی الوزن شکر سفید مساوی ادویہ روغن زرد
نصف شکر ترکیب مشہور حلوا تیار کرے خوراک دو تولہ وقتِ صبح نسخہ مقوی قلب و
جگر ص گاوزبان سوختہ دو تولہ نبات سفید چار تولہ مین ملاکر چھہ ماشہ کھائے اور سپے
ایکتولہ شربت نیلوفر عرق گاوزبان آدہ پاؤ کے ساتھ نوش کرے نسخہ مقوی قلب
و جگر ص کشتۂ عقیق یا کشتۂ یاقوت بقدر چار سُرخ دو تولہ شربت نیلوفر مین
استعمال کرے ترکیب کشتۂ عقیق و کشتۂ یاقوت یہ ہی کہ عقیق کو لگدی مغز
کنول گٹہ بقدر یکپاؤ مین رکھکر پانچ سیر دشتی و سیر مین پھونکدے اور کشتۂ یاقوت
اگر کرنا چاہے تو چھلکہ یعنی پوست مغز بادام ایک سیر کوٹ کر ایک ہانڈی مین بھر کر
یاقوت رکھکر گل حکمت کرکے دس سیر پاچک صحرائی مین پھونک دے کشتہ ہوجائیگا
نسخہ نافع ضعفِ مثانہ و تقویت باہ ص تخم سروالی تخم خرما تخم نیلوفر دارچینی
پوست اشترغار مساوی الوزن لیکر شکر سفید مساوی الوزن ادویہ ملاکر خوراک
چھہ ماشہ تا ایک تولہ کھائے مجرب ہے۔ نسخہ ریگ مثانہ بونٹی لفونیہ خشک
چھہ ماشہ مصری چھہ ماشہ مین آبِ تازہ سے ہفت روز استعمال کرے دیگر
ریگ مثانہ ص کشتہ حجرالیہود ۳ سُرخ شربت بزوری معتدل مین استعمال کرے۔
ترکیب کشتہ یہ ہی بیخ ترب یکپاؤ مین حجرالیہود ایکتولہ برتن گلی مین رکھکر گل حکمت
کرکے پاچک صحرائی پنج آثار مین پھونک دے کشتہ ہوجائیگا نسخہ نافع مثانہ
تخم سروالی کنجد سیاہ بوزن مساوی قند سیاہ بوزن ادویہ مین معہ مغز فندق آدہ پاؤ کی لڈو بقدر
ایک ایک چھٹانک کے باندھے ایک لڈو وقت سونیکے کھائے بہت مفید ہے۔

سبب چہارم روغن طلا و تحمید قضیب مسترخی مین

جنکی ملک مین سخت ضرورت ہی بلکہ اطباء لکھتے ہین کہ اکثر پٹھون مین رطوبت آنے سے ضعف باہ
ہوجاتا ہی جو آدمی بے احتیاطی سے مباشرت کرکے اکثر سرما وغیرہ مین سرد پانی سے
گرم قضیب کو دھو ڈالتے ہین اور یہہ مرض جلق سے اور کثرت و قلت مباشرت اور
ضعف دماغ و ضعف قلب و ضعف جگر و ضعف مثانہ سے بھی ہوتا ہی لہذا بندہ احقر
مؤلف رسالہ نے اس رسالہ مین ان باتون کو ملحوظ خاطر رکھا ہی اور اسمین وہی مجرب
اور تجربہ کے نسخے لکھے ہین جو بارہا تجربہ مین آچکے ہین اسجگہ اول سینک قضیب کے نسخے لکھے
ہین بعد کو روغن طلا کے نسخے درج کئے ہین تاکہ ہر شخص باقاعدہ علاج کرسکے اور اپنے
مقصد مین کامیاب ہو وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ ؕ

نسخہ طلا سینک قضیب جسکے پٹھون مین رطوبت آگئی ہو یا جلق سے کار رفتہ ہوگیا ہو
بیحد مجرب و مفید ہے ص عود سک دار چینی عاقرقرحا مرچ سیاہ تین تین ماشہ پان
بنگلہ نو عدد مغز سر گنجشک خانگی تین عدد گوشت مرغ جوان نیچاؤ یا گوشت بزکیپاؤ کا
قیمہ کرکے اور کل ادویہ کو پیسکر ملاکر کباب بقدر اعضاے تناسل بناکر روغن زرد مین
پکائے اور قضیب پر باندھے اسی طرح ایک ہفتہ عمل کرے بہت مفید ہوگا اور قضیب
سخت مثل فولاد کے ہوجائیگا بعد اسکے اس روغن کا استعمال کرے **نسخہ روغن طلا**
جاوتری اجواین خراسانی ایک ایک تولہ عاقرقرحا اسگند ناگوری چربی شیر خایہ خروس
دو دو تولہ زفت رومی قرنفل چھہ چھہ ماشہ عود سک چھہ تولہ مال کنگنی چھہ تولہ زلوچہ
چار تولہ ان سب کو کوٹ پیسکر جوکوب کرکے آتشی شیشی مین بھر کر گل حکمت کرکے
روغن کھینچے بترکیب بتیال جنتر مدت ایک ہفتہ برگ تنبول پر لگاکر قضیب پر باندھین
عارضہ سستی جاتا رہیگا **نسخہ دیگر** سستی رگ کو دور کرے اور قضیب مین استادگی
پیدا کرے ص نوشادر بکاپی مساوی الوزن بول خر نیم آثار مین پیسکر داخل کرے

بعدہٗ ہانڈی رکھکر جوہر اوڑائے اور اوس جوہر کو چربی روہو مچھلی مین ملاکر قضیب مین
طلا کرے مدت اکیس یوم بہت مجرب ہی **نسخہ روغن طلا** بسیار مجرب آزمودہ ہے
ص بہمن سفید حب السلاطین شنگرف کچلہ ہرتال طبقی مویز منقی دارچینی عرو سک کباب چینی
سب کو مساوی الوزن لیکر خوب باریک کرکے ایک سیر شیر میش مین تین روز تک کہرل
کرین حب بقدر کہرنی کے بناکر خشک کرکے آتشی شیشی مین روغن کہینچی بترکیب کورہ
استعمال کرے بیحد مجرب ہی **نسخہ نافع جلق و دافع سستی عضو تناسل** ص
ناخن فیل برادۂ دندانِ فیل ناخن اسپ قضیب نرگاؤ چربی مار سیاہ چربی سانڈہ
چربی شیر پوست بیجکیر پوست بیخ دہتورہ عاقرقرحا قرنفل اسگند ناگوری تخم بادنجان
زہر تیلیا تخم ترب تخم شلغم تخم پیاز خولنجان جوزبوا بسباسہ زعفران میل گوش آدمی
تخم زردک میدہ لکڑی دارچینی عرو سک خراطین آبنہ ہلدی ہر ایک چھہ چھہ ماشہ
شیر میش پاؤ بھر ان سب ادویہ کو کوٹ پیسکر شیر میش اور چربی ملاکر کل ادویہ کی
چودہ پوٹلی بوزن برابر پارچہ مین بنالے اور ہر روز ایک پوٹلی کو کوئلہ پر گرم کرکے
قضیب کو سینکے بعدہ وہی پوٹلی قضیب پر باندھے اسی طرح چودہ روز تک عمل
کرے بارہا آزمایا ہے اور بیحد مفید پایا ہے انشاء اللہ پھر تاعمر یہہ مرض نہ ہوگا۔
نسخہ طلا بے نظیر افیون قسم اول بیجبند جمالگوٹہ شراب انگوری تین تین ماشہ
روغن کنجد دو تولہ جمالگوٹہ تین عدد ان سب کو کوٹ پیسکر شیر گاؤ پاؤ بھر مین لگاکر
ایک پارچہ ترکرکے پارچہ بقدر ضرورت گرم کرکے قضیب پر باندھے اس سے بثورات
پیدا نہ ہونگے بلکہ پسینے سے مادہ خارج ہوجائیگا مگر احتیاط کیے **نسخہ سینک قضیب**
جندبیدستر نوشادر چھہ چھہ ماشہ برادۂ دندان فیل نارجیل کہنہ عرو سک خراطین خشک
آنبہ ہلدی پہوکرمول کنجد سیاہ قرنفل جائفل پوست بیجکیر سفید پوست بیخ مدار قند سیاہ
جبہ سفید ہر ایک دو دو تولہ لیکر کوٹ پیسکر اسکے نو پوٹلی بنائے ہر روز ایک پوٹلی اس طرح

سینک کرے کہ تین روز باشراب برانڈی تین روز یا عرق کتائی خورد تین روز باشیر
میش کے سینک کرے اور وہی پوٹلی قضیب پر باندھے یہہ پوٹلی انشاءاللہ بیحد مفید
ہوگی اور کوئی شکایت ضعف باہ کی باقی نرہیگی۔ **نسخہ دیگر** دافع سستی رگ قضیب
ص روغن کنجد ایکتولہ مشک خالص چہہ ماشہ ملاکر ہرروز قضیب پر طلا کرے مدت
چالیس روز تک بہت مفید ہوگا **نسخہ طلا ملذذ** عاقرقرحا قرنفل عروسک عطر موتیا
شہد خالص ہر ایک چار چار ماشہ عرق پان بنگلہ چار تولہ مین کہرل کرکے طلا کرے اور
مدت ایک ہفتہ بعد جماع کرے گا تو بیحد لذت پائیگا ورنہ بعد دو ساعت جماع کرے مفید ہے
نسخہ روغن طلا جو بارہا آزمایش مین آزمایا ہے **ص** جائفل دکہنی بارہ۱۲ عدد فلفل دراز
مصطگی رومی عاقرقرحا ہر ایک ایک تولہ قرنفل زعفران چہہ چہہ ماشہ لوبان کوڑیا دو تولہ
شراب برانڈی نیم آثار ان سب ادویہ کو پیکر شراب برانڈی مین اکیس روز تر کرے
بعدہٗ خشک کرکے حب بقدر کنار صراحی آتشی شیشی مین روغن کہینچے یہہ روغن ایک سینک
پان پر لگاکر کھائے اور ایک سینک پان پر لگاکر قضیب پر باندھے بیحد مفید ہوگا۔
نسخہ طلا ہرتال طبقی شنگرف رومی مغز جمالگوٹہ قرنفل مساوی الوزن لیکر شیر میش
بقدر ضرورت مین کہرل کرے تا مسکہ ہوجائے آتشی شیشی مین بھر کر روغن کہینچے بنگلہ
پان پر لگاکر قضیب پر باندھے مدت ایک ہفتہ اس سے بثورات پیدا ہون تو روغن زرد
اکیس۲۱ بار دھوکر اور کتھہ سفید ملاکر قضیب پر طلا کرے بثور جاتی رہے گی۔
نسخہ طلا پلاس پاپڑا ایکپاؤ ہرتال طبقی دو تولہ کو عرق نیب نیم آثار مین خوب کہرل
کرکے روغن کہینچے اس سے بھی بثورات پیدا ہون گے مگر مفید ہوگا۔
نسخہ طلا ملذذ سہاگہ تین ماشہ سیماب ایک تولہ کافور چار ماشہ شہد خالص چار تولہ
عرق پیاز چار تولہ مین سبکو کہرل کرے وقت حاجت قبل از مباشرت قضیب پر طلا
کرے لذت بسیار پائے **نسخہ طلا** برای درازی و فربہ قضیب و سختی قضیب **ص**

قسط تلخ تخم سرسون تمر کماہی بزرگ پوست اسگند دیسی مساوی الوزن لیکر پانی مین پیسکر
تین چار روز قضیب پر ضماد کرے **نسخہ روغن طلا غیر اوپار** جوز بویہ لسباسہ قرنفل
عاقرقرحا تخم ترب تخم گاجر جند بید ستر دارچینی میدہ لکڑی کٹ کنگی آبنہ ہلدی کلونجی مالکنگنی
کنجد سیاہ نارجیل کہنہ حبۃ سفید حبۃ سرخ تخم دہتورہ پلاس پاپڑا پوست بیخ مدار پوست
بنجکنیر سفید کاکڑاسینگی مہراسینگی عروسک خراطین خشک اسپند سوختنی خولنجان اجواین قریسی
اجواین خراسانی اجمود اسگند ناگوری خردل ناگرموتھہ چہنکنی اوٹنگن تخم کونچ رتن جوت
بیخ منڈھی ہالون کتان ہر ایک ایکتولہ کچلا بلادر گیارہ گیارہ عدد سب کو جو کوب کرکے
تپال جنتر سے روغن نکالے بترکیب مذکورہ پان پر لگاکر قضیب پر باندھی مجرب ہے
مدت اکیس یوم تک استعمال کرے **نسخہ طلا مخترع حکیم نظام علیخان صاحب منصف مرحوم**
اکبرآبادی دوست پدر بزرگوار مؤلف ص سرگرگٹ پانچ عدد کو روغن کنجد آدہ پاؤ
مین جلاکر صاف کرے بترکیب معلومہ پان پر لگاکر قضیب پر باندھی مدت ایک ہفتہ
نسخہ روغن طلا نافع مجلوق و دافع فالج وغیرہ ص مچھلی روہو ایک مرتال طبقی
گندہک آملہ سار سیماب ایک ایک تولہ پیسکر شکم روہو مین رکھکر ایک ہانڈی گلی مین
سرگین انسان مین دفن کرے بعد چالیس روز کے نکالے روہو مچھلی مین کیڑے
پڑجاوینگے اون کیڑون کو ایک شیشی مین بند کرکے بینچت کھڑی مین رکھے
روغن ہوجائیگا اوسکو پان پر لگاکر قضیب پر باندھے ازبس مفید ہوگا مجربہ مؤلف ہے
اور ایک حظ پان پر کھینچکر کھائے باہ زیادہ ہوگی **نسخہ سختی اور درازی**
قضیب کو بیحد مفید ہی جونک خشک سفوف کرکے روغن کنجد مین ملاکر سات
روز تک قضیب پر مالش کرین سخت اور دراز ہوگا نسخہ دیگر خراطین خشک کو روغن کنجد
مین بریان کرکے بعدہ سفوف ملا ہوا روغن لیکر قضیب پر مالش کرین مدت ایکہفتہ
نسخہ دیگر مرچ سیاہ گیارہ عدد لونگ تیرہ عدد کافور ہیمسینی ایکماشہ سفوف کرکی قضیب پر

مالش کرین بعدہٗ پانی مین کہرل کرکے ضماد کرین **نسخہ کباب** قیمہ گوشت بزیکپاؤ باریک
کرکے کلونجی تخم پیاز دو دو تولہ عاقرقرحا عود سک ایک ایک تولہ ملاکر کباب تیار کرکے قضیب پر
باندہین شام کے بندھے صبحکو کھولین صبحکے بندھے شام کو کہولین تازہ کباب باندہین۔
مدت ایک ہفتہ استعمال کرین مجرب ہے۔ **نسخہ دیگر کباب جو مجلوق کو مفید ہی ص**
چوزہ مرغ جوان جو ایک ماہ کا ہو ذبح کرکے خون ایک برتن مین لین اور گوشت
کو آلایش اور ہڈی سے صاف کرکے خوب باریک کرین اور ہلدی اور پیاز و جوزبویہ
زعفران عاقرقرحا قرنفل بقدر حاجت سفوف کرکے خون مین ملائین اول گوشت کو
قالب چوبی پر مثل قضیب کے مدوّر ہو چڑہائین اور کوئلے کی آگ پر بریان کرین مگر
وقت بریان کرنے کے خون ادویہ ملا ہوا لگاتے جاوین جب پختہ ہو جائے
اوسوقت تراش کر قضیب پر چڑھائین اور ایک گھڑی تک بندہا رکھین تاوقتیکہ
سرد نہ ہو جائے علیحدہ نہ کرین اور جب علیحدہ کرین آب نیمگرم سے قضیب کو
دھو ڈالین یہہ نسخہ بحد مفید ہے

علاج جلق زدہ

نسخہ جلق ہو دافع سستی قضیب عرق برگ اندراین شیرہ برگ چنبیلی تخم ترب تخم زرد
عاقرقرحا سہاگہ سیماب بوزن ایک ایکتولہ و چہار سر کنجشک نر و یک زلوچہ یعنی جونک دو دو
کیکڑہ و یک غوک و چربی شیر و پوست بنجکنیر سفید و گہونگچی سفید و تخم دہتورہ و خراطین
دریائی ماہی و ہرتال طبقی و عود سک و مرسانڈہ یک یک تولہ و شراب دو آتشہ چہہ تولہ و
روغن کنجد چہہ تولہ سب کو کوٹ کر شراب و روغن کنجد مین ترکرے جب شراب ادویہ
و روغن مین جذب ہو جائے آتشی شیشی مین بھر کر گل حکمت کرکے روغن کہینچے
و روغن اوپر قضیب کے طلا کرے مدت ایک ہفتہ مگر قبل از طلا ذکر کو گرم پانی سے
دھوئے بعد کو طلا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حالت اصلی ہو جائیگی۔ نسخہ جلق و دافع سستی

قضیب ص بھلانوہ بوزن یک چھٹانک کلاہ دُور کرکے روغن کنجد بوزن پاؤ آثار مین
بریان کرے جب جل جاوے پیسکر طلا کرے مدت ایک ہفتہ مگر وقت سوختن بھلانوہ کے
دہوئین سے دُور رہے۔ نسخہ جلق ودافع سُستی قضیب ص عروسک خراطین خشک
سُم اسپ سانڈہ خشک عاقرقرحا حبہ سُرخ دو دو ماشہ مال کنگنی بجکنر سفید حبہ سفید
تخم اونٹنگن سر جمگادڑ کیکڑہ ایک ایک درم شراب دو آتشہ نیم آثار مدن مست ایکتولہ
جوز تیلیہ چھ ماشہ ان سب کو جوکوب کرکے بترکیب پتال جنتر روغن کھینچے ازان
روغن بر قضیب ضماد کرکے بالاے برگ تنبول باندھے اگر عنی بھی ہو بفضلہ تعالے
مرد ہوجائے مجرب خاکسار ہے نسخہ دافع سُستی قضیب ص تخم اونٹنگن تخم کونچ
افیون خالص تخم ہلیلہ بوزن چھ چھ ماشہ باریک کرکے ایک پوٹلی پارچہ مین چار سیر
شیر مادہ گاو مین خوب پکائے تاکہ شیر سُرخ ہوجائے بعدہ پوٹلی نکالکر دودہ کو
جماکر مسکہ نکالے اوس مسکہ کو تمام قضیب پر طلا کرے وبالای برگ تنبول باندھے
مدت ایک ہفتہ استعمال کرے انشاء اللہ قضیب حالت اصلی پر آجائے مجرب ہے۔
نسخہ دافع سُستی قضیب و نافع جلق ص بُرادہ سم اسپ گھونگچی سفید خراطین عروسک
مساوی الوزن سانڈہ جنگلی دو عدد روغن کنجد سیاہ پاؤ آثار ان سب کو روغن
مین جلاکر صاف کرے ہشوہ بچاکر تمام قضیب پر لیپ کرے بالاے برگ تنبول
باندھے قضیب بالکل درست ہوجائیگا نسخہ دافع سُستی قضیب و نافع جلق زدہ
عرق برگ چمیلی یکپاؤ روغن کنجد یکپاؤ ان دونون کو کڑاہی آہنی مین خوب پکائے
اول روغن کنجد پکائے بعد عرق چمیلی ڈالے اور منسل وسہاگہ خام دو دو ماشہ ڈالے
جب عرق چمیلی جل جاوے روغن رہجائے دو ماشہ زہر تیلیہ باریک پیسکر روغن مین
ملائے اور ایک کھرل مین ڈال کر تھوڑی دیر کھرل کرے بعدہ یکماشہ روغن
ہشوہ بچاکر تمام قضیب پر ضماد کرے بالاے برگ تنبول باندھے مدت ایک ہفتہ

اوراس عرصہ مین جماع نکرے بفضلہ قضیب درست ہوبار ہا آزمایا ہے مجرب ہے

نسخہ قوت باہ ودافع سستی قضیب نافع جلق ص گہونگچی سفید وقرنفل وبہلانوہ

واندرجو وبنجکینر سفید وموصلی سیاہ ومالکنگنی مغز بادام وتخم اوٹنگن تخم کونچ وتخم دہتورا

وتخم ہلہل ان سب کو مساوی الوزن لیکر جوکوب کرکے روغن کنجد مین ترکرکے بنتال جنتر

سے روغن کہینچے یکماشہ روغن کا قضیب پر طلا کرے اوپر سے برگ تنبول باندھے

اس سے قضیب سخت ودراز وفربہ ہوجائیگا مجرب ہے **نسخہ** دافع سستی قضیب

شیرہ برگ جنبلی روغن کنجد دو دو تولہ ان دونون کو آگ پر پکائے بعدہ سہاگہ دوماشہ

منسل ایکماشہ باریک پیسکر روغن مین ڈالے اور روغن کو آگ پر سے اوتار کر ایکشیشی

بھر رکہے ایک دو روز بعد قضیب پر طلا کرے اوپر سے بنگلہ پان باندھے اسیطرح

ایک ہفتہ عمل کرے بیحد مفید ہے **نسخہ** دافع سستی قضیب ونافع باہ - گہونگچی سفید

بنجکینر سفید تخم اوٹنگن مالکنگنی ان سب کو دو دو تولہ مساوی الوزن لیکر جوکوب کرکے

تین سیر شیر مادہ گاؤ مین خوب جوش دے تاکہ رنگ سرخ ہوجائے آگ سے اوتار کر

جاون دیکر جغرات یعنی دہی تیار کرے بعدہ دہی سے مسکہ نکالے اوس مسکہ کا قضیب

پر طلا کرے بالاے اوسکے بنگلہ پان کو باندھے وقدرے بنگلہ پان پر لگا کر پان کہاے

اسی طرح تین ہفتہ عمل کرے اگر نامرد پنجاہ سالہ ہو درست ہوجاے **نسخہ**

دافع سستی قضیب نافع باہ وفربہی قضیب بیحد مفید ہے - برگ جنبلی شیر بزر روغن

کنجد مساوی الوزن زلوچہ یعنی جونک ایکعدد ڈالکر خوب جوش دے جب زلوچہ جل جاے

روغن کو صاف کرکے قضیب پر ضماد کرے اوپر سے بنگلہ پان باندھے اور بنگلہ

پان لگا کر کھالے پرہیز ترشی کا کرے بیحد مفید ہے **نسخہ** نافع باہ ودافع سستی قضیب

ص پوست انار پوست جامن بلیلہ پوست بلیلہ مولسری پوست ہسوڑہ ان سب کو دو دو تولہ

مساوی الوزن لیکر جوکوب کرے اور پانی دو سیر مین خوب جوش کرے مگر برتن مسی ہو

جب ایک سیر پانی رہ جاے اوتار کر صاف کرے اور ایکپاؤ روغن کنجد ڈالکر خوب پکاے
جب روغن ہی باقی رہ جائے صاف کر کے استعمال کرے اس روغن سے رگہاے
قضیب اگر سست ہوگئی ہون درست ہو جائینگی اور قضیب سخت ہو جائیگا اگر یہ
روغن عورت کے دراز پستان پر ملے خورد ہو جائین اگر مرد اپنی ناف گوش پر یہ روغن
لگاے بیحد امساک پائے آزمودہ و مجرّب ہی **علاج** دراز و سطبر کردن قضیب
گل خیرو و بیخ اسگند مساوی الوزن یا روغن یا مسکہ گاؤمیش اوپر قضیب کے طلا کرے
علاج سطبر کردن آلت - سرطان کو روغن کنجد مین پکا کر صاف کر کے قضیب
پر طلا کرے بیحد مفید ہی اگر قضیب سست ہووے اور جلد انزال ہوتا ہووے
تو گوکہرو ایک تولہ و شہد خالص ایکتولہ اول گوکہرو باریک پیسکر شہد مین ملا کر مدت
ایک ہفتہ کھائے اوپر سے نیم آثار شیر مادہ گاؤ نوش کرے بیحد مفید ہو کہ
سو عورتون کو خوش کر سکے **نسخہ روغن طلا** نافع مجلوق - قرنفل دارچینی
جاوتری عاقرقرحا جند بیدستر عود سک بباسہ خراطین ریگماہی جما لگوٹہ مالکنگنی
کجلہ کلونجی گندہک آملہ سار اسگند ناگوری بچہناک ان سب کو مساوی الوزن لیکر کوٹ
پیسکر دودہ تہور دودہ بدار دودہ شیر میش ہر ایک بوزن ایک ایک چہٹانک
مین ایک پہر تک کہرل کرین گولیان نباکر خشک کر کے آتشی شیشی مین ادویہ بھر کر
مونھہ شیشی کا عورت کے بالون سے بند کرین اور شیشی کو گل حکمت کر کے ایک
نانده گلی مین سوراخ کرین اور چولھے پر رکھین اور شیشی کو اوندھا نانده مین لٹکائین
یعنی منھہ شیشی کا چولہے مین ہو اور شیشہ نانده مین او شیشی کے منھہ کے پاس
پیالہ چینی کا رکہدین اور نانده مین بھوبھل گرم بھر دیوین جب بھوبھل سرد ہو جاے
اوسوقت چند اوپلے جنکو پاتھک کہتے ہین نانده مین جلائین تا کہ راکہہ گرم ہو جاوے
پھر بقدر ضرورت کو ملا یا پاتھک نانده مین ڈال کر آتش دین بفضلہ روغن نکل آویگا

اس طریقہ کو بتیال جنتر کہتے ہین - یہ طریقہ عام لوگ جانتے ہین اور ایک کھٹر جنتر یا کوختر
ڈوروجنتر بھی ہوتا ہے جو قریب قریب اسی طریقہ کے ہی زیادہ لکھنے کی اس مختصر مین
گنجایش نہین جو صاحب زیادہ مشرح حالات چاہین کتب طب ملاحظہ فرمائین -

سبب تخم

ہمین عرق ماءاللحم مقوی باہ و مسمن بدن و نسخہ ماذوات ممسکات ہین

نسخہ عرق ماءاللحم مقوی باہ و مسمن بدن واعضاے رئیسہ - گوشت حلوان سات سیر
گوشت مرغ جوان بیس عدد گوشت تیتر پانچ عدد گوشت بٹیر نوے عدد شیر گاو پانچ
سیر بطریق معمول یخنی تیار کرے بعدہ برگ گاوزبان بہمن سرخ بہمن سفید تخم ہلیون
ہر ایک تین تولہ ثعلب مصری شقاقل برادہ صندل سفید ہر ایک پانچ تولہ گل سیوتی
ابریشم خام گوکہرو خورد ہر ایک چار تولہ حب قلقل چرونجی اندر جو شیرین ہر ایک دو تولہ
ریگ ماہی ایک تولہ مغز بادام مغز نارجیل تخم خشخاش سفید مغز گردگان مغز چلغوزہ
مغز بنبہ دانہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خربوزہ مغز تخم خیارین مغز پستہ
مغز تخم فندق کنجد مقشر ہر ایک ایک چھٹانک آب گزر آب انارین ہر ایک ادہ سیر
آب نیشکر سیر بھر آب لیموں جملہ ادویہ کو عرق گاوزبان تین سیر عرق کیوڑہ چار سیر
مین ترکرین صبحکو یخنی ملا کر عرق کھینچین ایک چھٹانک پیا کرین نسخہ دیگر ماءاللحم
گوشت حلوان پانچ سیر گوشت مرغ جوان شات عدد گوشت تیتر سات عدد گوشت ممولہ
بیس عدد گوشت کنجشک خانگی نر پچاس عدد جملہ گوشہاے سے چربی نکالکر یخنی تیار کرین
بعدہ دارچینی سلیخہ عود ہندی عود صلیب اسطوخودوس قرنفل مصطگی رومی نانخواہ
خولنجان زرنجور سنبل الطیب جوز بوا بسباسہ دانہ الائچی سفید ہر ایک نو ماشہ عنبر اشہب یک
خالص ہر ایک ساڑھی چار ماشہ سانج ہندی ساڑھے چار ماشہ مویز منقی ایک سیر آب انگور
چار سیر عرق بیدمشک ایک سیر جو چھلی قسم اول پاو سیر گاوزبان گل گاوزبان قرفہ ہر ایک

نو ماشہ جملہ ادویہ کو نیمکوب کرکے اول ادویہ کو ایک شبانروز آب باران مین ترکرکے صبحکو یخنی ملاکر عرق کہینچے بقدر چار تولہ تا نو تولہ ہر روز پیا کرین مجرّب ہے۔

نسخہ جات لذّت وامساک

نسخہ لذّت خون کنجشک خانگی و دال عدس بقدر ضرورت خون کنجشک مین پیسکر قضیب پر طلا کرے بسیار لذّت حاصل ہووے **نسخہ دیگر لذّت** کہ قوّت مرد و زن کو دیوی اور فائدہ زیادہ بخشی۔ سونٹھ دارچینی عاقرقرحا کباب چینی مشک روغن پستہ سبکو مساوی لیکر پیسکر قضیب پر طلا کرے قدرے ادویہ فرج مین لگائے لذّت بسیار پائے **نسخہ لذّت** سہاگہ تین ماشہ کافور قرنفل سیماب ایک ایکماشہ دارچینی تین ماشہ عاقرقرحا تین ماشہ کرم جیاراب یعنی جبل ۲ عدد عطر کیوڑہ عرموتیا عروسک خراطین خشک ایک ایکماشہ ادویہ پیسکر شہد خالص بقدر ضرورت مین ملاوے اور عطریات کو شامل کرکے آمیز کرے بعدہٗ قضیب پر طلا کرے بعد دو ساعت کے جماع کرے بیحد لذت پائے **نسخہ لذّت** عرق برگ سداب قضیب پر ضماد کرے بعد ایک ساعت کے قربت کرے مفید ہے **نسخہ لذّت** مویز منقی ایک تولہ پیاز نرگس دو تولہ عاقرقرحا چہ ماشہ پتہ مادہ گاؤ ایک عدد مین کہرل کرے بعد کہرل قضیب پر طلا کرے ایک ساعت کے بعد مباشرت کرے زیادہ لذّت حاصل ہو **نسخہ لذّت** قرنفل دارچینی زعفران چہ چہ ماشہ مشک ڈیڑہ ماشہ شہد خالص مین گولیان بنائے وقت حاجت ایک گولی بالعاب دہن کے قضیب پر ضماد کرے۔

نسخہ ملذّذ کباب چینی عاقرقرحا زنجبیل بہنگ مساوی الوزن لیکر سفوف کرکے گولیان بنائے ایک گولی کو منہ مین رکہے بعدہٗ لعاب دہن قضیب پر لگاکر خشک کرکے مباشرت کرے زیادہ لذّت پاوے **نسخہ ملذّذ** خایہ گربہ سیاہ چربی نر سرخ رنگ روغن زرد مین پکاکر رکہہ چہوڑین وقت ضرورت کی تہوڑا روغن قضیب پر طلا کرین

جس عورت سے مجامعت کریگا فریفتہ ہوجائیگی - نسخہ ملذذ خون مرغ سیاہ شہد وبلو
کو ملاکر جوش دے اور وقت ضرورت قضیب پر طلا کرے ازحد لذت ہوگی نسخہ ملذذ
زیرہ گل کیوڑہ خاکستر موی سر انسان شہد مین ملاکر قضیب پر لیپ کرنا باعث لذت کا ہی
نسخہ ملذذ عاقرقرحا و حاج ترکی مساوی الوزن لیکر سفوف کرے اور شہد مین ملاکر
قضیب پر طلا کرے بعد تہوڑی دیر کپڑے سے صاف کرکے جماع کرے ازحد لذت
ہوگی نسخہ ملذذ سکبینج مقل ازرق سوختہ ہرایک ساڑھے چار ماشہ سولف کے
پانی مین باریک پیسکر حشفہ پر طلا کرین بعد خشک ہونے کے جماع کرین -
نسخہ ملذذ - عاقرقرحا مویزج دونون کو باریک پیسکر شہد ملاکر قبل از جماع ایک
ساعت قضیب پر طلا کرین اور جماع کرین نسخہ ملذذ زہرہ ماکیان زنجبیل
باریک پیسکر قضیب پر طلا کرین بعد ایک ساعت کے جماع مین مشغول ہون ازحد
مفید ہے نسخہ ملذذ سفیدی بیضہ کبوتر صحرائی دو ماشہ عاقرقرحا نمک سنگ
ہرایک ایک ماشہ سہاگہ نیم ماشہ سبکو باریک کرکے شہد مین ملاکر قضیب پر ضماد کرین
وقت خشک ہونے کے جماع کرین بسیار لذت پائین نسخہ ملذذ قرنفل با زہرہ
ماکیان سیاہ پیسکر طلا کرین ازحد لذت حاصل ہوگی -

ممسکات

نسخہ امساک غوک خشکی کو ذبح کرکے ایک برتن گلی مین رکھکر گل حکمت کرکے
پانچ سیر دشتی مین پھونک دے کشتہ ہوجائیگا بعد ازان اوسکو شہد مین ملاکر حب تیار
کرے بقدر نخود و کنار صحرائی کے وقت حاجت ایک حب قبل از مباشرت کھالے
نسخہ امساک و مقوی باہ - اکاس بیل پھٹکری شکر مساوی الوزن کا سفوف کرکی ۶ ماشہ
تا ۹ ماشہ کھای اوپر سے شیر گاو یکپاو نوش کری نسخہ امساک تخم قلمی چہ ماشہ زردی بیضہ مرغ
ایک عدد کی تین گولیان بناکر ایک گولی قبل از جماع کھای اگر کوئی کھائیگا انزال ہرگز نہوگا -

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ اندنون کتاب لاجواب نافع برنا و پیر مفید ہر صغیر و کبیر رسالہ تریاق ظہیری معروف رسالہ قوت باہ مصنفہ و مدونہ مولانا حافظ حکیم ظہیر احمد شاہ صاحب ظہیری ابن مولانا حکیم فتح محمد صاحب سہسوانی باہتمام تمام محمد رمضان خانصاحب و منشی دیلی سہائے صاحب مالک مطبع قیصر ہند دہلی بماہ فروری ۱۸۹۶ء عیسوی طبع ہوکر نفع بخش ہر خاص و عام کو ہوا خدائے تعالیٰ قبول فرماوے - آمین -

قطعۂ تاریخ

من نتائج طبع تاج العلماء سلطان الاطباء مولانا قاضی علی احمد محمود اللہ شاہ صاحب محدث و مورخ رئیس بدایون ادام اللہ فیوضہ وبرکاتہ

چون ظہیری طبیب حاذق
اظہر الحق کمال التریاق
سال تاریخ کتابش مذنب
اثرخ الفکر مثال التریاق

۱۳۱۳ھ

قطعہ دیگر

ذہین و ذکی ماہر وذی فنون
عزیزی ظہیری حاذق طبیب
کتابے نوشتہ بتاریخ او
خرد گفت مذنب کمالی غریب

۱۳۱۳ھ

تمت

نمبر		قیمت
۵	مجموعہ لکچر ظہیری جسمین	
۶	لکچر علوم اسلام پر۔ جو محمدن ایجوکشنیل کانفرس کے اجلاس دہم واقع شاہجہان پور مین دیا۔	
۷	لکچر تعلیم ایمانی و تہذیب اسلامی جو ندوۃ العلما کے اجلاس دوم واقع قیصر باغ لکھنؤ مین دیا	
۸	لکچر ضرورتِ اسلام پر ندوۃ العلما کے اجلاس سوم واقعہ بریلی مین پیش کیا۔	
۹	لکچر عمر عالم و طوفان نوح و سعدی کی اشاعت و ترقی اسلام پر	
۱۰	نالۂ ظہیری۔ عاشقانہ مثنوی	۲ر
۱۱	اذکارِ ظہیری۔ ذکر و اذکار مین	۲ر
۱۲	مقالات ظہیری۔ تصوف کا رسالہ ترتیب سلوک مین	۲ر
۱۳	تحفہ اخیار۔ عقاید مین	۲ر
۱۴	اعلام الاحبار ترجمہ لباب الاخبار معروف بہ ظہیر الصلوٰۃ	۸ر

نمبر		قیمت
۱۵	قواعد ظہیری	۲ر
۱۶	ترجمہ احیاء المیت بفضایل اہل البیت چہل حدیث سیوطی۔ فضایل اہل بیت مین	۲ر
۱۷	طلسم ظہیری	۲ر
۱۸	دیوانِ ظہیرِ احسن شوق نیموی (ظہیر سہسوانی) ورنگہ بدز و اگر تو انی۔ جو معرفت منشی بلاقیداس صاحب مالک مطبع میو پریس دہلی مل سکتی ہین۔	عہ ر
۱۹	مولود ظہیری معروف بہ نعت رحمتِ عالم	۴ر
۲۰	اسلام کی حالت	۲ر
۲۱	مدح بزرگان دین۔ انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر خواجہ بزرگ تک کے مناقب اور ایک ہفت بند بطرز ہفت بندِ کاشی ہے	۲ر
۲۲	مناجات اسمائے الٰہی	۲ر

۲۳	شہادت حمزہ و قصہ شہید کربلا	۲ر
۲۴	زمانہ حال کا فوٹو و قوم کا مرثیہ	۲ر
۲۵	مجموعہ نسخہ جات نادرہ اسمین بارہ امراض مثل سوزاک۔ آتشک دہاما خضاب کوری چشم وغیرہ وغیرہ کے مجرب نسخہ لاجواب ہین جنکی ملک مین سخت ضرورت ہی	۴ر

جو معرفت مرزا احمد عبد الغفار بیگ صاحب مالک فضل الاخبار دہلی سے مل سکتی ہین۔

۲۶	فضایل احکام المحرم شرح و ترجمہ فارسی ۱ر

۲ المشتہر۔ ابو الاعجاز تسنیم احمد فرزند مصنف مدظلہ بدایونی مولوی محلہ

اعلان

مصنف کی طرف سے اس کتاب کا حق محفوظ ہے

کوئی صاحب قصد طبع نفرمائین ہان

جسقدر نسخہ مطلوب ہون

مجھ مشتہر سے طلب فرمائین